کبیلہ کلاں بسر شدہ کہ تمام چیزیں رات کو بھگو کر صبح عرق کشید کر لیں اور ایک چھٹانک صبح ایک چھٹانک شام شہد ڈالکر پیا کریں تیل ترشی۔ گوشت سے پرہیز۔

کان بہنے کی دوائی

بعض لوگوں کے کان سے بدبودار مواد نکلتا رہتا ہے جو تکلیف کراہت اور بہرہ پن کا باعث ہوتا ہے اس مرض کیلئے خواہ کتنا ہی پرانا ہو حسب ذیل نسخہ نہایت مفید اور مجرب ہے کبھی خطا نہیں کرتا۔ ہڑتال ورقی ۲ ماشہ باریک پیسکر چند روز کو لہسوں کے تیل میں ملا کر آگ پر رکھیں اور نرم نرم آنچ پر اس قدر پکائیں کہ تیل دھواں دینے لگے اس کے بعد اتار کر چھان کر شیشی میں محفوظ رکھ لیں دو دو قطرے روزانہ کانوں میں ڈالا کریں تین روز میں مواد بہنا بالکل بند ہو جائیگا۔

پرانی بلغمی کھانسی کیلئے مجرب

ستیاناسی جب پر پھول آچکے ہوں مگر ابھی پھل نہ لگے ہوں اسکی جڑ لیکر سایہ میں رکھ دیں جب سوکھ جائے تو ایک تولہ یہ جڑ لیں اور اس میں ایک تولہ فلفل دراز ملا کر دونوں کو خوب باریک پیس کر لہسن کے پانی میں بارہ گھنٹے کھرل کریں۔ اس کے بعد سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنا لیں ایک ایک گولی صبح اور رات کو گرم پانی کے ساتھ کھایا کریں اور ایک ایک منہ میں رکھکر رس چوسا کریں بلغم رقیق ہو کر خارج ہو جائیگا نہایت لاجواب نسخہ ہے۔

اکسیر درد سر

نسخہ ذیل بلغمی مزاج آدمیوں کے درد سر کیلئے اکسیر ہے کیکر کی گوند ایک ماشہ رسوت ایک ماشہ زعفران ایک ماشہ افیون ایک ماشہ چاروں چیزیں باریک پیسکر لیپ بنا لیں اس کے بعد ذرا نیم گرم کرکے کسی سادہ کاغذ پر لگا کر دونوں کنپٹیوں پر چپکا دیں دوائی خشک ہونے تک درد سر دور ہو جائیگا۔

ناسور کے لئے عجیب مرہم

پہلے ایک آدمی کے سر کے بال جو زیادہ بڑے ہوں نہ بالکل چھوٹے اور جن کے ساتھ [illegible] بھی موجود ہو بالوں کے ساتھ [illegible] لیکر جلا کر راکھ بنا لیں اس کے بعد اس راکھ میں ایک تولہ پارہ ایک تولہ موم زرد نو ماشہ سفیدہ کاشغری اور [illegible] کا تیل شامل کرکے آہنی کڑاہی میں آہنی دستے سے رگڑیں جب مرہم بن جائے تو استعمال کریں نہایت اکسیر اور مجرب چیز ہے۔

بے نظیر منجن

دانتوں کی صفائی کیلئے بے نظیر ہے خون بند کرتا ہے اور درد کو فوراً آرام دیتا ہے ترکیب یہ ہے۔ چاک عمدہ ایک تولہ سپاری سوختہ ۲ ماشہ پھٹکڑی ۳ ماشہ سوڈا ۳ ماشہ کافور ۱ ماشہ سیاہ مرچ ۱ ماشہ [illegible] سب کو پیس کر ملا لیں اور استعمال کریں۔

آنکھ کے پھولے کی دوا

سفیدہ عمدہ ایک ماشہ شیر برگد ایک ماشہ [illegible] ایک ماشہ [illegible] باریک پیسکر آپس میں خوب حل کر لیں اور پھولے پر لگایا کریں ایک ہفتہ کے استعمال سے پھولا جاتا رہیگا۔

دمہ کا اسراری نسخہ

پانچوں نمک مساوی الوزن لیکر ایک کوزہ گلی میں ڈالکر اوپر سے آک کا دودھ اس قدر ڈال دیں کہ نمک تر بتر ہو جائیں اس کے بعد گل حکمت کرکے اپلوں کی آگ دے دیں جتنی کہ نمک بالکل سفید ہو جائیں۔ اگر ایک دفعہ دیکھنے سے معلوم ہو کہ سفید نہیں ہوئے تو دوبارہ پھر آگ دیں جب بالکل سفید ہو جائیں تو نکال کر

اس میں چوگنا کھانڈ ملا کر پیس کر باریک سفوف بنا لیں اس میں سے چھ ماشہ سفوف ہر روز صبح گرم پانی کے ساتھ کھایا کریں۔ اس کے علاوہ نشاستہ مغز بادام مقشر منقی بہیدانہ مساوی الوزن لیکر پیسکر دو دو ماشہ کی گولیاں بنا لیں اور مذکورہ بالا نمک والی سفوف کے ساتھ کھایا کریں تیل ترشی وغیرہ سے پرہیز کریں ایک ہفتہ میں کامل فائدہ ہوگا۔

خوبصورت بنانے والا عرق

اکمل دو اونس الیونیا ½ اونس روغن لونڈر نصف ڈرام سب کو ایک شیشی میں ڈالکر خوب ملا کر رکھدیں بوقت ضرورت ایک چھوٹا چمچہ محلول لیکر دو سیر گرم پانی میں ملا کر ہاتھ منہ دھوئیں چہرہ کی رنگت گلاب کی پتی کی طرح نکل آئیگی اور اس میں تازگی پیدا ہو جائیگی۔

مہاسوں اور چھائیوں کا علاج

(۱) شیر گاؤ تازہ میں عمدہ جو مقشر دو تولہ خوب جوش دیکر سایہ میں خشک کر لیں اس کے بعد ان کو باریک پیس کر اس میں کتیرا ۶ ماشہ زرد چوب ۳ ماشہ ملا کر سفوف بنا لیں اور سفیدی بیضہ مرغ میں ملا کر چہرہ پر لیپ کیا کریں۔

(۲) تخم [illegible] یوسف ۲ ماشہ آرد نخود بریاں ۶ ماشہ صندل سفید ۱ ماشہ [illegible] ۲ ماشہ [illegible] ۳ ماشہ [illegible] ۶ ماشہ زیرہ سفید ۲ ماشہ سب چیزوں کو باریک پیسکر سفوف بنا لیں ۳ ماشہ یہ سفوف لیکر عرق گلاب میں ملا کر لگایا کریں۔

(۳) سفیدہ کاشغری ۲ ماشہ نمک صندل ۲ ماشہ دونوں چیزیں باریک پیسکر لعاب بہیدانہ میں خمیر کرکے ٹکیاں بنا لیں ایک ٹکیہ روزانہ عرق گلاب میں پیسکر لیپ کیا کریں۔

چہرے کے سیاہ داغ دور کرنے کی دوا

[illegible] ۵ ماشہ عرق لیموں کاغذی ۱ تولہ گلیسرین ۸ ماشہ صاف پانی سوا تولہ سب چیزوں کو باہم اچھی طرح ملا کر چہرہ پر ملیں اور نصف گھنٹہ بعد تولیہ سے صاف کر دیں تین چار روز یہ عمل کرنے سے چند روز میں سیاہ داغ دور ہو جاتے ہیں۔

ابرو اور پلکوں کو دراز کرنے کا طریقہ

روغن زیتون یا گلیسرین یا ویزلین کی مالش کرنے سے ابرو اور پلکیں دراز ہو جاتی ہیں [illegible] سے بال [illegible] ہو جاتے ہیں مگر [illegible] معلوم ہوں۔

بچوں کی کالی کھانسی کا علاج

[illegible] ایک پینٹ کھولتا ہوا پانی ڈال [illegible] اس کے بعد کپڑے میں چھان کر رکھ لیں اور مصری ڈالکر ایک ایک یا دو دو چمچے [illegible] کالی کھانسی [illegible] مفید ہے۔

چوٹ کا علاج

اگر چوٹ لگ جائے [illegible] اس کا اصولی علاج یہ ہے [illegible] کا طریقہ یہ ہے [illegible] گرم پانی ڈال [illegible] بالکل آرام آجائیگا۔

خورشید عالم جنتری [illegible]

امورِ خانہ داری

قیامِ محبت کے دس اصول

ایک سال الرائے خاتون نے عرصہ تک لوگوں کی متاہل زندگی کا مطالعہ کرنے کے بعد مندرجہ ذیل دس اصول وضع کئے ہیں جن پر عمل کرنے سے میاں بیوی کو حیاتِ ازدواجی کا پُر لطف اپنی تمام شیرینیوں کے ساتھ حاصل ہو سکتا ہے۔

(۱) ایک دوسرے کے ساتھ حقیقی محبت کرو۔ بیوی کیلئے شوہر کی ذات اسکی تمام دنیا اور شوہر کیلئے بیوی کا وجود۔ کوئی چیز کوئی خیال۔ کوئی ترغیب اس محبت پر غالب نہ آسکے (۲) ایک دوسرے کی غلطیاں اور کمزوریاں برداشت کرو اور معاف کر دیا کرو غصہ کا جواب غصہ سے دینے کی عادت نہ کرو گے۔ تو بہت سے ناگوار جھگڑے ہنسی خوشی ٹل جایا کریں گے (۳) ایک دوسرے پر کامل اعتماد کرو۔ ناجائز بدظنی سے ہزار دل شکن کی بدظنیاں اور غلط فہمیاں پیدا ہوتی ہیں جس کو ہر وقت مشکوک نظروں سے دیکھا جائے وہ ایک روز مجرم بن جاتا ہے (۴) ایک دوسرے پر نکتہ چینی اور طعن و تشنیع مت کرو۔ دوسرے کی ذات اوضاع و اطوار جسمانی نقائص یا اعزہ و اقارب پر نکتہ چینی کرنے سے دلوں میں اتنی تیز منافرت پیدا ہو جاتی ہے جس پر محبت کا غلاف پھر کبھی نہیں چڑھ سکتا بالخصوص عورت اپنے حسن اور اپنے میکے کے خلاف کوئی اعتراض برداشت نہیں کر سکتی (۵) ایک دوسرے سے بہت زیادہ امیدیں نہ رکھو اور نہ یہ خیال کرو کہ وہ فرشتہ ہے انسان خطا و نسیان سے مرکب ہے اس سے غلطیاں سرزد ہونگی اور تم کو معاف ہی کرنا پڑیگی۔ دوسرے کے قصور پر مشتعل ہونے سے پہلے اس کی مجبوریوں پر بھی غور کر دو (۶) خود پسندی اور فوقیت جتانے کی عادت ترک کر دو اگر تم فی الواقعہ فریقِ ثانی سے بہتر ہو تو بھی ڈینگ مت مارو تمہاری عظمت غیر محسوس طریقہ سے دوسرے کے دل پر نقش ہو جائیگی اور اس سے محبت میں اضافہ ہوگا لیکن ڈینگ مارنے سے بےحسیت اور نفرت پیدا ہوگی۔ (۷) ہنسی مذاق کی عادت رکھو۔ ہنسی مذاق سے طبیعت میں شگفتگی پیدا ہوتی ہے اور چھوٹی چھوٹی کدورتوں پر پردہ پڑ جاتا ہے (۸) اپنی اپنی صحت کا خیال رکھو عورتیں ہمیشہ تندرست اور طاقتور شوہر کو پسند کرتی ہیں اسی طرح مرد بھی حسین صاف ستھری اور صحت مند بیوی کا دلدادہ ہوتا ہے۔ بیمار رحم کے قابل تصور ہوتا ہے مگر پیار کے لائق نہیں ہوتا۔ (۹) ایک دوسرے کے لئے ایثار کی عادت پیدا کرو۔ ایک دوسرے کی ضرورتوں کا خیال رکھو۔ دوسرے کے آرام و راحت کو اپنے آرام و راحت پر مقدم رکھو۔ دوسرے کیلئے تکلیف اٹھانے سے تمہیں حقیقی راحت اور حقیقی لطف حاصل ہوگا۔ (۱۰) اپنے عزیزوں کے سامنے کبھی ایک دوسرے کی غیبت نہ کرو بلکہ ہمیشہ تعریف کرو۔ کمزوریوں پر پردہ ڈالو اور خوبیوں کو نمایاں کرو۔ خواہ تمہیں تنہائی میں ایک دوسرے سے کتنی ہی شکایت ہو لیکن فریقِ ثانی کو وہاں حاضر سمجھو وہی کہو اور وہی کرو جو تم دوسرے فریق کی موجودگی میں بھی کہہ سکو یا کر سکو۔

ہونہار بچہ کی شناخت

کولمبیا یونیورسٹی نے حال ہی میں ہونہار بچہ کی شناخت کے متعلق ایک رسالہ شائع کیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ اگر دو سے پانچ برس کی عمر تک کے بچے میں حسبِ ذیل عادات موجود ہوں تو اس کو ہونہار بچہ کہا جائیگا۔ بیگم یا ایک معیار ہے جس پر تمام والدین اپنے بچوں کو پرکھ سکتے ہیں۔

(۱) بچے کا ضد لڑائی اور رونے دھونے سے حکیمانہ طور پر نفرت کرے (۲) خوشی اور پابندی وقت کے ساتھ سکول چلا جائے (۳) جب کوئی بچہ اس کے حقوق میں مداخلت کرے تو اس کو مار کر ہٹائے (۴) اپنے کپڑے خود پہنے اور خود اتار کر بغیر کہنے کے کھونٹی پر ٹانگ دے (۵) بات کرنے کے لئے اپنی باری کا منتظر رہے (۶) آرائش مکان کے متعلق اپنی رائے کا اظہار کرے (۷) جب کوئی دلچسپ قصہ سنے تو اس کو یاد رکھے (۸) کھانے میں تمیز اور صفائی کا خیال رکھے (۹) بادل کی گرج۔ بجلی کی کڑک۔ پالتو جانور اور کیڑے مکوڑوں سے نہ ڈرے (۱۰) اپنی جائے رہائش کو کبھی نہ بھولے (۱۱) گذشتہ سال کے واقعات کو یاد رکھے (۱۲) غلط فعل پر اعتراض کرے جو کچھ کہا جائے اس کا مطلب فوراً سمجھ لے (۱۳) ہر چیز کی حقیقت تلاش کرنے کی کوشش کرے (۱۴) جسم کے لحاظ سے نہ زیادہ موٹا ہو نہ زیادہ پتلا (۱۵) کھانے میں پورا لطف محسوس کرے اور گہری نیند سوئے تین فٹ بلند ہر چیز پر چڑھ جائے (۱۶) پیچھے کی طرف دوڑے ایک پاؤں پر کودے بغیر گرنے کے چکر لگائے گیت سننے پر تالی بجائے (۱۷) نہانے سے خوف نہ کھائے (۱۸) صفائی کو پسند کرے۔

کپڑے کے داغ دور کرنیکا طریقہ

روغن کا داغ مٹی یا تارپین کا تیل لگانے سے دور ہو جاتا ہے سیاہی کا داغ ہو تو بار یک پسا ہوا نمک داغ پر چھڑک کر اوپر سے لیموں کا رس نچوڑ کر آہستہ آہستہ مل کر دھوپ میں ڈالدیں تھوڑی دیر بعد سرد پانی سے دھو ڈالیں یا پکے ہوئے بینگن داغ پر ملیں داغ دور ہو جائے تو نیم گرم پانی سے دھو ڈالیں چکنائی کا داغ ہو تو کسی سفید کپڑے کی تہہ دی ہوئی پیٹرول میں تر کرکے داغ پر آہستہ آہستہ ملیں دور ہو جائیگا۔ خون کا داغ ہو تو پانی میں نمک ملا کر تھوڑی دیر بھگو دیں پھر دھو ڈالیں۔ یا گرم پانی سے صابن لگا کر دھولیں پان کا داغ ہو تو کچا امرود درمیان سے تراش کر داغ پر ملیں تھوڑی دیر بعد گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ داغ دور ہو جائیگا۔

خوبصورتی کی حفاظت کے سولہ طریقے

(۱) مقوی معتدل اور زود ہضم غذا کھاؤ مگر زیادہ مت کھاؤ (۲) ہونٹ مت چباؤ (۳) دانتوں سے ناخن مت کاٹو (۴) مدھم اور لرزاں روشنی یا چلتی ہوئی گاڑی میں پڑھنے سے پرہیز کرو (۵) بہت گرم کمرے میں سونے سے پرہیز کرو (۶) اپنے ہاتھ اور پاؤں کو ٹھنڈی یا غلیظ یا نمناک جگہ پر مت رکھو (۷) اپنی ٹھوڑی کو اتنی جھکا کر کبھی نہ رکھو کہ وہ تمہاری گردن کو چھوتی رہے بلکہ خوب اونچا اٹھا کر رکھو (۸) تنگ جوتی تنگ دستانے اور تنگ کارسٹ مت پہنو (۹) سخت کام کرتے وقت بھی نہ چڑاؤ (۱۰) جہاں تک ہو سکے کھلی ہوا میں رہو (۱۱) فکر و غم سے بچو (۱۲) کم کھاؤ اور مناسب ورزش ہر روز کیا کرو (۱۳) جس کمرے میں روشندان نہ ہوں اس میں مت سوؤ (۱۴) اپنی نیند کو پورا کرکے اٹھو (۱۵) غلیظ خراب اور میلی کنگھی بالوں میں مت کرو (۱۶) کریہہ اور نامرغوب چیزوں کو مت دیکھو۔

کیا خوبصورت لڑکی بہترین بیوی بن سکتی ہے؟

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ حسن اور خوبصورتی وہ چیز ہے جس سے روح کو مسرت اور بالیدگی حاصل ہوتی ہے جو نگاہ کیلئے جنت اور دل کے لئے فردوس کا درجہ رکھتا ہے جس کی ہمراہیت اور ہم نشینی میں وہ سرور و کیف پنہاں ہے جسے تمام لذائذ حیات کا ماحصل کہنا چاہئے اور یہی وجہ ہے کہ ہر ناکتخدا نوجوان کی تمنا، خواہش اور اس کے دل کی پہلی تڑپ یہ ہوتی ہے کہ اس کی بیوی حسین ہو اور ایسی حسین کہ سینکڑوں ہزاروں میں ایک کہلائے مگر سوال زیر بحث یہ ہے کہ آیا محبت اور خانہ داری کے نکتہ نظر سے ایک حسین لڑکی بہترین بیوی بھی ثابت ہو سکتی ہے یا نہیں؟

دنیا میں ہر قسم کی مثالیں موجود ہیں۔ بعض خوش قسمت گھروں میں ایسی بیویاں بھی موجود ہیں جو علاوہ حسین ہونے کے ساتھ ہی نہایت سلیقہ شعار دانشمند وفادار، اطاعت کیش، باعصمت اور ذہین بھی ہیں مگر کسی مسئلہ پر فیصلہ کن بحث کرتے وقت ہمیشہ اکثریت پر حکم لگایا جاتا ہے۔ اور اکثریت کو مد نظر رکھتے ہوئے ماہرین علم معاشرت کا خیال یہ ہے کہ ایک حسین عورت خانہ داری کے اعتبار سے ان تمام صفات کی حامل نہیں ہوا کرتی جو ایک بہترین بیوی کیلئے ضروری ہیں۔

ابتداءً خوبصورت لڑکی والدین کے لاڈ پیار سے خراب ہونا شروع ہوتی ہے عہد طفلی ہی سے اسکی تعریف و توصیف ہونے لگتی ہے تمام عزیز و اقارب فطرتی طور پر اس سے زیادہ محبت کرتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ لڑکی خود پرست اور خود پسند بن جاتی ہے اور سن بلوغ کو پہنچتے پہنچتے غرور حسن اور طرہ شوق کا یہ نشہ احساس شباب کے ساتھ مل کر دو آتشہ ہو جاتا ہے۔ اور اس اثنا میں کسی وقت بھی لڑکی کو ذاتی تربیت کا خیال پیدا نہیں ہوتا ازدواج کی منزل میں قدم رکھنے کے بعد وہ شوہر کو اپنا غلام بے دام پاتی ہے جو شب و روز ایک پجاری کی طرح اس کے حسن کی پرستش کرتا ہے۔ اس کی آنکھیں مخمور اور دماغ مسحور رہتا ہے اپنی بیوی کی ایک ایک ادا پر جان دیتا ہے اور اسے ہمہ صفات حسنات کہتا ہے جب خوبصورت بیوی یہ حالات دیکھتی ہے اور محسوس کرتی ہے کہ خاوند کے دل پر قابض ہونے کا وہ مقصد جو عورت کی زندگی کا سب سے بڑا مقصد ہے بغیر کسی کوشش کے حاصل ہو چکا ہے تو وہ قدرتاً ان صفات اور کمالات کے حاصل کرنے کی طرف سے غافل ہو جاتی ہے جن کے بغیر کوئی بیوی لائق ترین بیوی نہیں بن سکتی۔ نہ اسے امور خانہ داری میں کمال حاصل کرنے کا شوق رہتا ہے نہ سلیقہ شعاری کی تمنا نہ شوہر کی خدمت گذاری آرام و استراحت اور دیگر ضروریات کا خیال نہ ساس سسر کی دلداری کا جذبہ۔ نہ باورچی خانہ کی طرف توجہ۔ نہ بچوں کی تربیت میں انہماک گویا حسن صورت کا غرور حسن سیرت کی طرف سے مستغنی کر دیتا ہے۔

ایک عیب یہ ہے کہ خوبصورت بیوی کی وجہ سے اسراف اور فضول خرچی کی عادت پیدا ہوتی ہے حسین عورت کو ہر وقت آرائش حسن کا جنون سر پر سوار رہتا ہے اور مرد کو بہرحال اس کے حکم کی تعمیل کرنا پڑتی ہے علاوہ ازیں حسین بیوی کا شوہر اپنے کاروبار میں پوری توجہ نہیں دے سکتا اور نہ گھر سے باہر اس کا جی لگتا ہے اس کے علاوہ ایک بھاری عیب یہ ہے کہ حسین عورت کی عزت ہر وقت معرض خطر میں رہتی ہے اور مرجع انظار ہونے کے باعث غیر معمولی ترغیبات سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔

خلاف ازیں ایک سادہ چہرہ کی عورت پہلے ہی دن سے یہ خیال ساتھ لیکر آتی ہے کہ وہ صرف اپنے کمالات سیرت کی بدولت شوہر کے خاندان میں اپنا مناسب مقام حاصل کر سکتی ہے۔ وہ کثرت بد اخلاقی اور پھوہڑ پن کا راستہ چھوڑ کر عجز و انکسار، خدمت، وفا، گرویدگی، سلیقہ شعاری، کفایت شعاری، حسن اخلاق کا نمونہ بنتی ہے اور اپنی ذاتی خوبیوں سے خاوند کے دل پر فتح پانے کی کوشش کرتی ہے نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس کا گھر شوہر اور دوسرے متعلقین کے لئے جنت کا نمونہ بن جاتا ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ خوبصورت بیویوں کے شوہر اس رائے کو مشکل سے برداشت کرینگے۔ یہ بھی صحیح ہے کہ حسین عورت کے متعلق یہ رائے سو فیصدی درست نہیں ہو گی مگر بالآخر یہ ایک ناقابل انکار امر ہے کہ سادہ عورتوں کی نسبت گوری چٹی مخلوق میں پھوہڑ پنے کی مثالیں بہت زیادہ ہیں درحقیقت ہے کہ حسین اور پھوہڑ عورت کی نسبت سادہ مگر سلیقہ شعار بیوی ہزار درجہ بہتر ہے۔

غمناک زندگی

بعض لوگ فطرتاً بشاش ہوتے ہیں اور بشاش رہنا جانتے ہیں انکی طبعی خصوصیت اس قسم کی ہوتی ہے کہ مشکل سے مشکل اور تاریک سے تاریک حالات میں بھی مرجھائے ہوئے نہیں دکھائی دیتے اور نہ ہمیشہ کیلئے بشاشت اور شگفتگی کی عادت سے جدا ہونا پسند کرتے ہیں مشکلات اور مصائب کس کو پیش نہیں آتیں غم انگیز حالات سے بھی ہر انسان کو واسطہ پڑتا ہے مگر یہ لوگ اپنی شگفتہ طبعی کی بدولت زندگی کے تاریک اور پیچیدہ راستوں سے بھی ایسی سہولت کے ساتھ گذر جاتے ہیں کہ دیکھ کر رشک آتا ہے۔ ان معنوں میں یہ کہنا بالکل صحیح ہے کہ بشاشت اور شگفتہ طبعی قدرت کی طرف سے ایک انعام ہے جو زندگی کے ہر گوشہ کو پر بہار بنا دیتی ہے صحت دیکھئے تو نہایت عمدہ کاروبار قابل رشک، خریدار گرویدہ، دوست احباب ہمسائے جان چھڑکنے پر تیار، ملازم پانی کی جگہ خون بہانے پر آمادہ، بیوی عاشق زار، بچے مجسم التفات اور تابع فرمان۔ غرض ہر طرف محبت کا زمین آسمان اور جنت و برکت کی فضا میں۔

اس کے خلاف غمناک اور افسردہ زندگی گویا [illegible] وقت بے وقت [illegible] کا آخر نتیجہ کیا [illegible] صحت برباد [illegible] ہوئے بدن [illegible] تبدیلی کے [illegible] دکھائی [illegible] میں کاروبار پر اوس پڑی ہوئی گرد [illegible] ہر ایک سے متنفر دوست احباب بیوی بچے سب [illegible] غرض یہ دنیا سے بیزار اور دنیا ان سے بیزار۔

حکمائے یورپ کے نزدیک افسردگی ایک بیماری ہے جس کے اسباب بعض اوقات جسمانی ہوتے ہیں بعض اوقات دماغی اور [illegible] علاج یہ ہے کہ اس کے اسباب [illegible] کی جائے [illegible] اور دل و دماغ اپنی [illegible] [illegible]

غیر ممکن نظر آتی ہے مثلاً سخت مالی یا جانی نقصان وغیرہ وغیرہ ایسی حالت میں بہترین علاج یہی ہے کہ جہاں تک جلد ممکن ہو اس کو بھول جائیں اور جب کبھی اس بات کا خیال دل میں آتا معلوم ہو کسی دوسری طرف مصروف ہو جائیں تاکہ رفتہ رفتہ اس خیال کو دل میں آنے کی عادت نہ رہے۔ علاوہ ازیں ان حالات میں صبر حاصل کرنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ اپنے سے زیادہ مصیبت زدہ اور پست لوگوں کی حالت پر غور کر کے موجودہ حالت ہی کو غنیمت سمجھا جائے اور اس میں تسکین کا پہلو تلاش کر لیا جائے۔

دراصل ہماری غلط حرص و ہوا دنیا میں بلند سے بلند جگہ کی تلاش اور خدا کی ذات پر بے یقینی ہمارے تمام افکار و آلام کا منبع ہے اور اس کا علاج ہے قناعت و توکل۔ ہمارے ہیں وہ لوگ جن کو یہ مقام رفیع حاصل ہے جہاں حقیقی بشاشت قدرتی سرور اور کامل اطمینان پایا جاتا ہے۔

خوان نعمت

عمدہ قسم کے اچار اور چٹنیاں

ہر قسم کے کھانے پکانے کی ہنیار ترکیبیں خورشید عالم جنتری میں چھپ چکی ہیں اس سال چند عمدہ قسم کے اچاروں اور چٹنیوں کے طریقے درج کیے جاتے ہیں۔

آم کی چٹنی چاشنی دار

کچے آم عمدہ دو سیر لیکر اوپر سے چھیل کر قاشیں کاٹ کر ان کو باریک باریک کتر ڈالو اور گٹھلی نکال کر پھینک دو چھوہارے پاؤ بھر اور ادرک ایک چھٹانک کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے پانی سے دھو کر دھوپ میں رکھ دو تا کہ سوکھ جائیں اس کے بعد آم کی کتری ہوئی قاشیں ایک سیر سرکہ میں ڈال کر قلعی دار دیگچی میں آگ پر رکھ کر خوب پکاؤ جب گاڑھا ہونے لگے تو سرخ مرچ نمک اور کلونجی بھی بقدر ضرورت شامل کر دو جب خوب پک کر آم کی قاشیں گل جائیں تو اس میں ڈیڑھ پاؤ کھانڈ ملا کر پھر پکاؤ جب چاشنی ٹھیک ہو جائے تو مذکورہ بالا چھوہارے اور ادرک نیز کشمش آدھ پاؤ اس میں ڈال دیں جب ایک جوش آ جائے تو اتار کر رکھ لو ٹھنڈی ہو جائے تو چوڑے منہ کے مرتبان میں ڈال کر رکھ لو نہایت عمدہ چٹنی ہوگی۔ اگر ایک روز پہلے سیر بھر سرکہ میں آدھ پاؤ سبز پودینہ کی پتیاں ڈال کر اس کو بطور عرق کشید کر لیا جائے اور یہ سرکہ اس میں ڈالا جائے تو چٹنی تیار ہوگی اور زیادہ لذیذ ہوگی۔

ٹینڈوں کا اچار

بالکل ایک ہی قد و قامت کے سیر بھر عمدہ تازہ نرم ٹینڈے لیکر ان کو اوپر سے چھیل لیں پھر ایک طرف سے تھوڑی تھوڑی چھتی کاٹ کر ٹینڈوں کے اندر سے تمام تخم وغیرہ نکال دیں اور دھو کر صاف کر کے الگ رکھ لیں اس کے بعد ادرک پیاز سونف کلونجی نمک مرچ سیاہ مرچ سرخ رائی سا انچی پودینہ خشک ہر چیز بقدر مناسب ڈال کر مسالہ تیار کریں پھر اس مسالہ کو مذکورہ بالا ٹینڈوں کے اندر بھر کر اوپر چھتیاں ڈھک کر دھاگا لپیٹ دیں اور عرق پودینہ میں ڈال کر دھوپ میں رکھ دیں تین روز بعد اچار تیار ہو جائیگا۔

آلو کی چٹنی

راتا کو ناپا سیر گرمی ایک پاؤ انگور ایک پاؤ چھوہارے چھٹانک کشمش چھٹانک بادام اور ادرک نمک مرچ بقدر ذائقہ ڈال کر رکھ دیں صبح انکو ان سب چیزوں کو سرکہ الگ کر کے خوب پیس لیں جب باریک ہو جائیں تو تھوڑی سی سرکہ میں شامل کر کے نرم آگ پر رکھ دیں اور ساتھ ہی ایک سیر کھانڈ بھی ڈال دیں جب ہلکا سا جوش آ جائے تو ایک سیر آلو عمدہ فربہ جو زیادہ پکے ہوئے نہ ہوں چھیل کر اور بیج نکال کر ایک ایک کے چار چار ٹکڑے کر کے اس میں شامل کر دیں اور ساتھ ہی پاؤ بھر چھوہارے لیں

سے ٹکڑے چھٹانک بھر کشمش سالم چھٹانک بھر ادرک کے لچھے چھٹانک بھر کلونجی اور چھٹانک بھر لہسن کے جوے بھی ڈال دیں اور پکاتے رہیں جب چاشنی کا قوام گاڑھا ہو جائے تو اتار لیں۔

چقندر کا اچار

عمدہ تازہ چقندر آدھ سیر اور شلغم آدھ سیر لیکر چھیل کر ان کی بقدر مناسب قاشیں کاٹ لیں اس کے بعد ان کو چاقو کی نوک سے گود کر پانی میں ڈالکر جوش دیں جب گل جائیں تو اتار کر پانی الگ کر کے قاشوں کو بے دار برتن میں پھیلا دیں تاکہ پانی نچڑ کر خشک ہو جائیں اس کے بعد سیر بھر سرکہ میں سیر بھر کھانڈ ملا کر جوش دیں جب چاشنی کے قوام پر آ جائے تو مذکورہ بالا قاشیں شامل کر کے پھر پکائیں اور ساتھ ہی خشک پودینہ کشمش سیاہ مرچ نمک اور ادرک کے لچھے بھی بقدر مناسب شامل کر دیں جب دوبارہ چاشنی قوام پر آ جائے تو اتار لیں اور دو روز بعد کھائیں۔

ایرانی چٹنی

پہلے آدھ سیر انگور لیکر رات کو صاف پانی میں بھگو دو صبح سل پر باریک پیس کر نرم آگ پر ایک جوش دیکر الگ رکھ لو اس کے بعد کھانڈ آدھ سیر کی چاشنی بنا کر اس میں مذکورہ بالا پسا ہوا انگور اور ایک سیر سرکہ ملا کر پھر آگ پر رکھو اور نرم نرم آنچ پر پکاؤ تھوڑی دیر بعد اتار کر اس میں آدھ پاؤ ادرک کے لچھے کتر کر ڈالو اور ساتھ ہی کلونجی نصف چھٹانک کشمش آدھ پاؤ لہسن نصف چھٹانک سرخ مرچ اور نمک حسب ضرورت ڈالدو چٹنی تیار ہے۔

پختہ آم کی چٹنی

عمدہ لذیذ پکے ہوئے آم جن میں معمولی سی ترشی بھی ہو لیکر ان کا رس ایک چینی کے پیالہ میں نچوڑ لیں اس کے بعد اس میں تھوڑی سی باریک کتری ہوئی پیاز سبز پودینہ کی باریک کتری ہوئی پتیاں ذرا سی کھانڈ اور بقدر ذائقہ سرخ مرچ اور نمک شامل کر لیں اور کھائیں نہایت نفیس چیز ہوگی۔

چھوہارہ کا اچار

ایک سیر عمدہ تازہ فربہ چھوہارے لیکر پانی سے دھو کر صاف کر کے عرق پودینہ میں بھگو دیں جب نرم ہو جائیں تو ایک طرف سے تراش کر گٹھلیاں نکال کر پھینک دیں اس کے بعد انجیر کا قیمہ رائی نمک مرچ ادرک لہسن کلونجی سونف سب چیزیں بقدر مناسب شامل کر کے پیس لیں اور چھوہاروں کے اندر بھر کر اوپر دھاگا لپیٹ کر پودینہ کے عرق میں ڈال دیں اور دو تین روز بعد استعمال کریں۔

گاجروں کی چٹنی

ایک سیر عمدہ سرخ رنگ کی گاجریں لیکر چھیل کر کدوکش کر لیں پھر ان میں کھانڈ آدھ سیر کشمش آدھ پاؤ چھوہارے دو دو ٹکڑے کئے ہوئے آدھ پاؤ عرق پودینہ ۲ تولہ اور بقدر ذائقہ نمک مرچ کلونجی ادرک باریک پیس کر شامل کر دیں اور قلعی دار دیگچہ میں ڈالکر چولہے پر رکھ کر نیچے نرم نرم آنچ کر دیں اور کفگیر چلاتے رہیں جب گاجریں گل جائیں تو اتار کر سرد کر کے بلور کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مچھلی کا اچار

ایک سیر عمدہ قسم کی روہو مچھلی بغیر کانٹے کی لیکر اس کو خوب صاف کر کے پودینہ ٹکڑے لیں اور دو دو انچ مربع کے ٹکڑے کاٹ کر دھو کر رکھ لیں اس کے بعد خالص سرسوں کا تیل کڑاہی میں ڈالکر نیچے نرم آگ جلا دیں جب تیل خوب جل جائے تو اس میں مذکورہ بالا ٹکڑے تل کر سرخ کر لیں اس کے بعد دو سیر عمدہ تازہ کاغذی لیموں کا عرق نکال کر قلعی دار دیگچہ میں ڈال کر پکائیں جب آدھا رہ جائے تو ذرا سی ہینگ کا تڑکا دیکر اس عرق میں مذکورہ بالا مچھلی کے ٹکڑے ڈال دیں اور ساتھ ہی ثابت سالم مرچ تولہ ادرک پسا ہوا دو تولہ اور نمک مرچ بقدر ذائقہ شامل کر دیں اچار تیار ہے۔

قانونی معلومات

کورٹ فیس عدالت دیوانی

ایک روپیہ سے پانسو روپیہ تک ہر پانچ روپیہ پر چھ آنے یا ساڑھے سات روپیہ فی سیکڑہ ۵ پانسو سے اوپر کی نالش ہو اگرچہ دس ہی روپے اوپر ہوں تو شروع سے تمام رقم کا سوا گیارہ روپے سیکڑہ، اسی طرح ایک ہزار تک سوا گیارہ روپے سیکڑہ۔ ایک ہزار سے پانچ ہزار تک ساڑھے سات روپے سیکڑہ پانچ ہزار سے دس ہزار تک ساڑھے سو یا اس کی کسر پر پندرہ روپے دس ہزار سے بیس ہزار تک ہر پانسو یا اسکی کسر پر بائیس روپے آٹھ آنے بیس ہزار سے تیس ہزار تک ہر ایک ہزار یا اس کی کسر پر تیس روپے تیس ہزار سے پچاس ہزار تک ہر دو ہزار یا اسکی کسر پر تیس روپے پچاس ہزار سے زائد پانچ ہزار یا اس کی کسر پر تیس روپے۔

فیس جسٹری دو سو روپیہ کی مالیت تک دو روپے دو سو سے ایک ہزار تک ایک روپیہ فیصدی ایک ہزار سے پانچ ہزار تک ہر پانسو یا اس کے جزو پر ایک روپیہ پانچ ہزار سے پچاس ہزار تک ہر ایک ہزار یا اس کے جزو پر دو روپیہ پچاس ہزار سے زیادہ ہر ایک ہزار یا اس کے جزو پر ایک روپیہ۔

فیس بیعنامہ ایک سو سے ایک ہزار تک ڈیڑھ روپیہ سیکڑہ۔ ایک ہزار سے اوپر ہر پانچسو یا اس کے جزو پر ساڑھے سات روپے [illegible]

فیس رہن بلا قبضہ ایک ہزار تک ۸ فیصدی ایک ہزار سے اوپر ہر پانسو یا اس کے جزو پر [illegible]

فیس رہن با قبضہ ایک ہزار تک ایک روپیہ فیصدی۔ ایک ہزار سے اوپر ہر پانسو یا اس کے جزو پر [illegible]

نمونہ پرونوٹ

باعث تحریر آنکہ

جو کہ مبلغ پانصد روپیہ نصف جس کے مبلغ دو صد پچاس روپے ہوتے ہیں از لالہ [illegible] لالہ دیو دیال ساکن [illegible] آباد سے نقد بطور قرض لئے ہیں عند الطلب بمقام [illegible] لالہ [illegible] کو یا ان کے حکم سے جس کو وہ کہیں مع سود بشرح ایک روپیہ فیصدی ماہوار کے حساب ادا کرتا رہوں گا لہذا یہ چند حروف بطور پرونوٹ لکھ دیئے ہیں کہ سند رہے۔

المرقوم [illegible] مورخہ [illegible] العبد [illegible] دیال [illegible]

رسید پرونوٹ

باعث تحریر آنکہ

جو کہ مبلغ [illegible] روپیہ نصف جس کے مبلغ دو سو پچاس [illegible] روپیہ ہوتے ہیں بابت پرونوٹ تحریر کردہ [illegible] مورخہ .... کے از لالہ [illegible] صاحب کے وصول پاچکا ہیں۔ لہذا یہ رسید لکھدی ہے کہ سند رہے۔ المرقوم

العبد

ٹکٹ پرونوٹ

۲۵۰ تک ایک آنہ ۲۵۰ سے اوپر ایک ہزار تک ۲ آنے ایک ہزار سے اوپر کی [illegible] ٹکٹ لگانا چاہیئے جس پرونوٹ پر ٹکٹ باضابطہ نہ ہوگا وہ قابل ادخال شہادت نہ ہوگا۔

نوٹ: اپریل ۱۹۳۲ء سے بیانات اور تاریخوں پر [illegible] ٹکٹ ڈاک کی طرح ایک [illegible] اس قسم کے ٹکٹ جاری کئے گئے ہیں [illegible] ہوتا ہے [illegible] خاص ٹکٹ استعمال کرنے چاہئیں ڈاکخانہ کے عام ٹکٹ اسٹامپ پر لگانا جائز [illegible]

چند قانونی فیصلہ جات متعلقہ پرونوٹ

(۱) اگر پرونوٹ میں زر مذکور کی ادائیگی ۲ ماہ کے بعد واجب الطلب ہو تو میعاد ۲ ماہ گذرنے تحریر پرونوٹ سے شروع ہوگی بمبئی ہائیکورٹ رپورٹ جلد [illegible] صفحہ [illegible]

(۲) جس دن پرونوٹ لکھا گیا ہو وہ میعاد سے خارج ہے بنگال لاء رپورٹ جلد ۶ صفحہ ۲۹ جلد ۴ صفحہ ۲۴

(۳) پرونوٹ کے حاشیہ پر جو عبارت ہو وہ جزو پرونوٹ نہیں ہے ۱۸۔ اے ۱۸۸۵ء

(۴) زیر دفعہ ۹۲ ایکٹ شہادت جائز نہیں ہے کہ پرونوٹ کا روپیہ ادا ہو چکا ہے ۲۴ ۱۹۱۵ء پنجاب لاء رپورٹ

(۵) جو پرونوٹ عند الطلب ہو اس کے واسطے زبانی معاہدہ ثابت کرنا داخل شہادت نہیں ہے ۴۳ انڈین کیسز ۴۸

(۶) اگر پرونوٹ کی بنا پر دعویٰ ہو اور مدعا علیہ نابالغی کا عذر کرے تو بار ثبوت نسبت نابالغی بذمہ مدعا علیہ ہوگا انڈین کیسز جلد [illegible] صفحہ ۲۶۷

(۷) پرونوٹ میں اگر سابقہ تاریخ تحریر کی جائے تو ناجائز نہیں ہو جاتا بمبئی جلد ۲۵ صفحہ ۴۹۹

(۸) اگر پرونوٹ میں درج ہو کہ فلاں جگہ ادا کروں گا تو جائز ہے بمبئی لاء رپورٹ صفحہ ۳۴۸

نمونہ تمسک

منکہ [illegible] ولد [illegible] ذات [illegible] ساکن [illegible] تحصیل [illegible] ضلع [illegible]

کا ہوں جو کہ مبلغ ایک ہزار روپیہ نصف جس کے مبلغ پانصد روپیہ ہوتے ہیں نقد بطور قرض از لال [illegible] ولد [illegible] ساکن [illegible] سے [illegible]

کے لئے ہیں اس لئے اقرار کرتا ہوں اور لکھ دیتا ہوں کہ مبلغ مذکورہ بالا [illegible] فی سیکڑہ ماہوار کے حساب سے ادا کروں گا اور جس قدر روپیہ ادا کروں گا اسکی [illegible] پر لکھوا لیا کروں گا [illegible] روپیہ [illegible] لہذا یہ چند حروف بطور تمسک [illegible] کر دیتا ہوں کہ سند رہے۔ المرقوم [illegible] مورخہ [illegible] ۱۹ء

گواہ شد [illegible] العبد [illegible] گواہ شد

رسوم اسٹامپ

مالیت	اسٹامپ	مالیت	اسٹامپ	مالیت	اسٹامپ	مالیت	اسٹامپ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

قانون تمسک

(۱) تمسک میں اگر جزو [illegible] ضروری ہے [illegible] اس [illegible] اگر [illegible] ہو اور [illegible] میں [illegible] ۱۹۱۵ء [illegible]

(۲) [illegible] الہ آباد جلد [illegible] صفحہ [illegible] بمبئی جلد [illegible] صفحہ [illegible]

(۳) جو ضامن حاضری عدالت کیلئے ضمانت تحریر کرتا ہے اور اسکی ضمانت فراری ملزم پر ضبط ہو جاتی ہے تو ضامن اصل مدیون سے روپیہ وصول نہیں کرسکتا۔
۵۵ ۱۹۱۵ء پنجاب ریکارڈ۔

(۴) جس تمسک کا بدل ناجائز ہو یا فوجداری مقدمہ کے دوران میں لکھا جائے اس پر ڈگری نہیں ہو سکتی ۶۰ ۱۹۱۵ء پنجاب لا رپورٹر صفحہ ۷۷۔۹۰ ۱۳۹ ۱۹۲۴ء پنجاب ریکارڈ۔

نمونہ درشنی ہنڈی [ٹکٹ ۱ر]

جے رام جی کی بعد سدا سلامتی ہووے کرلالہ جیدیال کشن چند لاہور والے جوگ لکھی دلی دچوں لالہ رام کشن رام دیو کی رام رام واچنی اپرنت ہنڈی ناگ ایک لتاں اُتے کیتی روپیہ ۹۰۰ چہرہ شاہی نیمے روپے ساڑھے چار سو کے دونے بھر پیئے رکھی لالہ خوشحال چند نہال چند ساہوکاران لاہور موچ شاہ بیوپاری جوگ ہنڈی دکھیں سار روپیہ ۹۰۰ لاہور دچہ بھر دینے مِتی ۹ مارچ ۱۹۲۳ دستخط رام کشن ساکن شہر دہلی

اندراج پشت [۹۰۰]

اکھریں روپیہ نو سو نیمے ساڑھے چار سو کینے دونے بھر دینے
سری پیڑی سائیں جیدیال کشن چند جوگ لکھی رام کشن رام دیو

نمونہ ہنڈی اردو عند الطلب

سدا سلامتی ہووے لالہ سندر داس صاحب ساکن امرتسر کو بعد رام رام کے واضح ہو۔ کہ ایک ہنڈی عند الطلب تعدادی ایک سو روپیہ اکھریں سو روپیہ نیمے روپیہ پنجاہ چہرہ شاہی آپ پر کی گئی ہے رکھی ٹھاکر گوردیال سنگھ پاس سوہن سنگھ صاحب موصوف کو مبلغ مندرجہ بالا عند الطلب بلا تامل ادا کر دیں۔ المرقوم مورخہ ۱۱ مارچ ۱۹۳۳ء

العبد رام چند ساکن گوجرانوالہ

اندراج پشت [۱۰۰]

لالہ سندر داس صاحب ساکن امرتسر
اکھریں ایک سو نیمے پچاس کینے دونے بھر دینے

چند فیصلہ جات قانونی متعلقہ ہنڈی

(۱) اگر دستاویز پر اسٹامپ بوقت تحریر چسپاں نہ کیا جائے یا منسوخ نہ کیا جائے تو وہ قابل شہادت نہیں ہے ۷ ایمٹی صفحہ ۱۰۲

(۲) جس جگہ ہنڈی واجب الادا ہو۔ وہیں عدالت کو اختیار سماعت حاصل ہے ۶ پنجاب ریکارڈ ۲۱۵۸۲ د ۱۸۹۴ء۔

(۳) کاشتکار فرم ہنڈی لکھے تو فرم ذمہ دار ہے ۳۱ ۱۸۶۱ء پنجاب ریکارڈ۔

(۴) اگر ہنڈی داخل شہادت نہ ہو تو مدعی دعوے کر کے ڈگری لے سکتا ہے ۴ ۱۸۹۸ء پنجاب ریکارڈ۔

(۵) ہنڈی اسٹامپ کاغذ پر ہونی چاہیئے ورنہ ناجائز ہوگی ۳۰ ۱۸۹۸ء پنجاب ریکارڈ

(۶) ہنڈی جو شاہ بیوپاری جوگ ہو اس کے زر وصول کا بار ثبوت مدعا علیہ پر ہے
(لاہور ۲۹ ۴۳ و ۳۴ لاہور لا جرنل ۳۳۹)

نمونہ کرایہ نامہ

منکہ ... ولد ... ذات ... ساکن ... ضلع ... کا ہوں۔
جو کہ ایک قطعہ مکان ... واقعہ ... دروازہ ... ملکیت لالہ ... ولد ... بشرح ... ماہوار کرایہ پر لیا ہے اقرار کیا ہے کہ کرایہ ماہ بماہ ادا کرتا رہوں گا اور جو ادا کیا جائیگا اس کا اندراج پشت کرایہ نامہ پر کیا جائیگا یا رسید علیحدہ لی جائیگی۔ بدون اجازت کوئی تبدیلی مکان میں نہ کروں گا اگر مالک مکان کو خالی مکان کرانا منظور ہوگا تو مجھکو ایک ماہ پیشتر اطلاع دینے پر مکان خالی کیا جائیگا اور اگر مجھکو مکان خالی کرنا ہوگا تو ایک ماہ کا نوٹس دیکر مکان خالی کرسکوں گا لہذا یہ چند حروف بطور کرایہ نامہ لکھدیئے ہیں کہ سند رہے

المرقوم مورخہ ... گواہ شد ... العبد ... گواہ شد

اسٹامپ کرایہ نامہ

اگر دس روپے سالانہ سے زیادہ نہ ہو تو ۱ر کا اسٹامپ لگیگا اگر دس روپے سے زائد ہو مگر پچاس روپے سے زیادہ نہ ہو تو ۲ر اگر پچاس روپے سے زیادہ ہو مگر سو روپیہ سے زیادہ نہ ہو تو ۱۲ر اس سے اوپر ہر سو روپیہ یا اس کی جزو پر ۱۲ر

نمونہ پروانہ راہداری

چونکہ ایک راس بھینس برنگ بھورا سینگ کنڈے۔ دم چوری دار چاروں کھر دھوئے ہوئے قد میانہ عمر تقریباً ۵ سال معہ چار ماہ کی ایک راس کٹی کہ جس کی پیشانی پر سفید داغ ہے مسمی فلاں ...... ولد فلاں ...... ذات ...... ساکن ...... برائے فروخت کرنے در میلہ منڈی گجرات لیے جاتا ہے اس کو پروانہ راہداری لکھ دیا ہے کہ کوئی سرکاری ملازم یا کوئی دیگر شخص کسی شک و شبہ کی وجہ سے رکاوٹ نہ ڈالے۔ یہ بھینس اس کے گھر کی پالتو ہے۔

العبد ... مورخہ

مہر یا دستخط نمبردار ......

نوٹ۔ اگر نمبردار پڑھا ہوا نہ ہو تو کسی شخص سے تحریر کراکے اپنی مہر لگا دے۔ اور تحریر کنندہ بھی دستخط کرے۔

میعاد نالش و اپیل وغیرہ

قسم نالش	تعداد میعاد	میعاد کب سے شمار ہوگی
نالش ملازم بابت تنخواہ	۱ سال	جب عہدہ گذر جائے
نالش ہرجہ بابت تہمت	۱ سال	جب تحریر ہتک آمیز شائع ہو
نالش بابت اس ہرجہ کے جو ملازم کو بھسلانے کی وجہ سے ہو	۱ سال	جب نقصان واقعہ ہو۔
نالش بابت معاوضہ اس نقصان کے جو کسی بیجا حکم امتناعی سے ہو	۳ سال	جبکہ حکم امتناعی موقوف ہو
نالش حق شفعہ	۱ سال	بیعنامہ کی رجسٹری سے
اپیل حکم پھانسی	۷ روز	تاریخ حکم سے
اپیل کسی عدالت میں سوائے عدالت ہائی کورٹ کے	۳۰ یوم	تاریخ حکم سے
اپیل فوجداری بعدالت ہائیکورٹ	۶۰ یوم	تاریخ حکم سے
اپیل دیوانی بعدالت ہائیکورٹ	۹۰ یوم	تاریخ حکم سے
درخواست منسوخی حکم جبکہ مقدمہ عدم پیروی میں خارج کیا گیا ہو	۳۰ یوم	تاریخ اخراج سے
درخواست منسوخی ڈگری یکطرفہ	۳۰ یوم	جب سائل کو ڈگری کا حال معلوم ہو
عدالت خفیفہ کے حکم یا ڈگری کی نظر ثانی	۱۵ یوم	جب حکم صادر ہو
نالش منجانب ضامن بنام اصل گیرندہ	۳ سال	جب ضامن رقم ادا کرے۔
نالش منجانب نابالغ بعد بلوغ بابت انفساخ جائیداد	۳ سال	جب نابالغ حد بلوغ کو پہنچے
نالش برائے منسوخی ثالث نامہ	۱۰ یوم	جب عدالت میں داخل ہو
نالش برائے قبضہ موروثی	۱۲ سال	جب مدعا علیہ نے قبضہ کیا ہو۔

درخواست برآمدگی اپیل جو عدم پیروی میں خارج ہوا ہو	۳۰ یوم	تاریخ خارج ہونے سے
درخواست برائے دوبارہ سماعت اپیل جس کی سماعت یکطرفہ ہوئی ہو	۳۰ یوم	تاریخ حکم سے یا جب سائل کو علم ہو
اپیل پریوی کونسل	۹۰ یوم	تاریخ حکم سے

ایکٹ میعاد

دفعہ ۳۔ اگر نالش بعد گذر جانے میعاد سماعت کے دائر کی جائے تو خارج کر دی جائیگی۔

دفعہ ۴۔ جب میعاد سماعت بروز تعطیل عدالت منقضی ہو تو نالش یا اپیل اس دن رجوع کی جائے جس دن عدالت کھلے۔

دفعہ ۵۔ اگر کوئی شخص میعاد مقررہ کے اندر اپیل یا درخواست نہ گذران سکے تو میعاد کی توسیع کافی وجوہات پر ہو سکتی ہے۔

دفعہ ۱۲۔ میعاد کے محسوب کرنے میں وہ دن جس دن سے میعاد شمار ہوتی ہے اور تاریخ سنائے جانے فیصلہ و ایام حصول نقول شمار نہیں ہوتے۔

دفعہ ۱۳۔ جب تک مدعا علیہ برٹش انڈیا سے باہر رہے وہ میعاد میں محسوب نہیں ہوتا۔

دفعہ ۱۵۔ جس وقت تک کارروائی ملتوی رکھی جائے میعاد میں شمار نہیں ہوتا۔

دفعہ ۱۶۔ جب تک کارروائی انفساخ نیلام ہوتی رہے وہ میعاد میں شمار نہیں ہوتی۔

دفعہ ۱۹۔ اگر قبل منقضی ہونے میعاد کوئی اقرار ذمہ داری کا تحریر ہو کر اس پر ذمہ دار شخص کے دستخط ہو جائیں تو میعاد اس وقت سے شمار ہو گی جبکہ اقرار مذکور پر دستخط کئے جائیں۔

دفعہ ۲۰۔ اگر کوئی رقم بطور سود یا اصل کے دی جائے تو میعاد سماعت اس وقت سے شمار ہو گی جبکہ ادائیگی ہوئی تب مدعا علیہ ہو کر دستخط اس کے یا اس کے مختار کے ہو سکتے ہیں۔

ضابطہ دیوانی کا ضروری اقتباس

نالش بابت جائداد غیر منقولہ وہاں دائر ہو گی جہاں جائداد متنازعہ واقع ہو (دفعہ ۱۶) نالش وہاں دائر ہو گی جہاں مدعا علیہ کی سکونت ہو گی یا جہاں بنائے مخاصمت پیدا ہو (دفعہ ۲۰)

اگر مدیون ڈگری کی وصولی سے پہلے وفات پا جائے تو مدیون کے جائز قائم مقام پر ڈگری جاری ہو سکتی ہے لیکن قائم مقام کی ذمہ داری اسقدر ہو گی جس قدر جائداد مدیون کی اس کے ہاتھ آئی ہو گی (دفعہ ۵۰)

اجرائے ڈگری زر نقد میں کوئی عورت گرفتار نہیں ہو سکتی (دفعہ ۵۶)

عدالت کو اختیار ہے کہ وجہ [illegible] جاری کرے مدیون ڈگری کو رہا کر دے لیکن ایسا شخص پھر گرفتار ہو سکتا ہے (دفعہ ۵۹)

ان مقدمات میں جو عدالت خفیفہ کے قابل سماعت ہوں اور جن کی مالیت پانسو روپیہ سے زیادہ نہ ہو اپیل ثانی نہیں ہو سکیگی (دفعہ ۱۰۲)

پردہ نشین خواتین حاضری عدالت سے معاف ہیں (دفعہ ۱۳۲)

ایک شخص علیحدہ علیحدہ اقسام حقدار کی بابت جو ایک ہی حق کے ہوں نالش یا جواب کر سکتا ہے (رول ۸ آرڈر ۱)

اگر مدعی اپنے دعوے میں سے کوئی جزو چھوڑ دے تو پھر اس جزو کی بابت کوئی نالش نہیں کر سکتا (رول ۲ آرڈر ۲)

اگر گواہ تعمیل سمن نہ کرے تو عدالت کا اختیار ہے کہ گواہ مذکور کی گرفتاری یا ضبطی جائداد کا حکم صادر کرے (رول ۱۰ آرڈر ۱۶)

عدالت اپنی تحریک سے کسی ایسے شخص کو جس کو کسی فریق نے بطور گواہ طلب نہ کیا ہو بغرض شہادت طلب کر سکتی ہے (رول ۱۴ آرڈر ۱۶)

ڈگریدار بغیر اجازت کے نیلام میں بولی نہیں دے سکتا (رول ۷۲ آرڈر ۲۱)

اگر وقت سماعت اپیل اپیلانٹ حاضر نہ ہو تو عدم پیروی میں اپیل خارج کر دیا جائیگا (رول ۱۷ آرڈر ۴۱)

عدم پیروی میں خارج شدہ اپیل کی درخواست برآمدگی ۳۰ یوم کے اندر دیجا سکتی ہے (رول ۱۹ آرڈر ۴۱)

عدالت اپیل مقدمہ مزید شہادت کیلئے واپس کر سکتی ہے (رول ۲۵ آرڈر ۴۱)

سمن کی تعمیل مدعا علیہ کی ذات یا اس کے کارندہ پر ہو سکتی ہے (رول ۱۳ آرڈر ۵)

اگر مدعی نے طلبانہ داخل نہ کیا ہو اور اس وجہ سے مدعا علیہ پر سمن کی تعمیل نہ ہوئی ہو تو مقدمہ خارج ہو گا (رول ۲ آرڈر ۹)

تمام دستاویزات جو وجہ ثبوت میں پیش کرنی ہوں پہلی پیشی پر داخل کرنی چاہئیں ورنہ آئندہ شامل مثل نہیں ہونگی (رول ۱ آرڈر ۱۳)

اگر گواہ کہیں جانیوالا ہو یا کوئی اور ایسی وجہ ہو تو اس کی شہادت فوراً لی جا سکتی ہے (رول ۱۶ آرڈر ۱۸)

اگر مدعی برٹش انڈیا سے باہر سکونت رکھتا ہو اور اس کی کوئی جائداد برٹش انڈیا میں نہ ہو تو اس سے مدعا علیہ کے خرچہ کی ضمانت لی جائیگی جو اگر داخل نہ کی جائے تو دعوےٰ خارج کر دیا جائیگا (رول [illegible] آرڈر ۲۵)

گواہ اگر پانچ میل سے زیادہ فاصلہ پر ہو تو بذریعہ سوالات جاری [illegible] اس کی حاضری پر مجبور نہیں کیا جائیگا (رول ۱۹ آرڈر ۱۶)

ضابطہ فوجداری کا ضروری اقتباس

پولیس کسی شخص کو معقول شبہ کی بنا پر بغیر وارنٹ یا بغیر حکم مجسٹریٹ [illegible]

کوئی گرفتار شدہ شخص بغیر حکم مجسٹریٹ ۲۴ گھنٹہ سے زیادہ [illegible]

اگر اطلاع قابل دست اندازی پولیس ہو کر کوئی شخص مجرم ہے تو مجسٹریٹ [illegible]

مجسٹریٹ وارنٹ تلاشی جاری کر سکتا ہے (دفعہ ۱۰۰)

ضامن جب چاہے منسوخی ضمانت کی درخواست کر سکتا ہے (دفعہ ۱۲۶)

مجسٹریٹ کسی ملزم کو جو قابل ضمانت جرم میں کافی وجہ ہونے پر [illegible] حاضری سے معاف کر سکتا ہے (دفعہ ۲۰۵)

عدالت اپیل اگر چاہے تو مزید شہادت لے سکتی ہے (دفعہ ۴۲۸)

اگر چہ ضمانت ناکافی ہو تو عدالت کافی ضمانت لینے کا حکم دے سکتی ہے (دفعہ ۵۱۴)

ایکٹ معاہدات کا اقتباس

اگر کوئی فریب یا غلط بیانی سے کوئی رضامندی حاصل کی جائے تو [illegible]

کوئی معاہدہ جو بیشگی بدلی کے کیا جائے ناجائز ہے (دفعہ ۲۵)

شرط معاہدہ جو شرط لگانے کی قسم سے ناجائز معاہدہ [illegible]

خود مال مرہونہ کو کفالت دینے کا [illegible] اس کے متعلق [illegible]

کا ذمہ دار ہے کہ کل مال [illegible] (دفعہ ۲۰۲)

ضامن شخص مدیون کی [illegible] ضامن [illegible]

[illegible]

ذمہ داری [illegible] (دفعہ ۱۲۶)

قواعد محکمہ ڈاک و تار

جدید

پوسٹ کارڈ	۳ پائی
جوابی کارڈ	۱؍۶
لفافہ ۶ ماشہ تک	۱؍
۶ ماشہ سے زائد ۲½ تولہ تک	۱؍۳
۲½ تولہ سے زائد ہر ڈھائی تولہ یا اس کے جزو مقدار پر	۱؍

پیکٹ و پارسل ان رجسٹرڈ

پیکٹ ۵ تولہ تک	۹ پائی
۵ تولہ سے زائد ہر ۵ تولہ اور اس کی جزو مقدار پر	۶ پائی
پارسل ۲۰ تولہ وزن تک	۴؍
۲۰ تولہ سے زائد ۴۰ تولہ تک	۸؍
۴۰ تولہ سے زائد ہر ۴۰ تولہ اور اس کے جزو مقدار پر	۴؍ فی

خرچ رجسٹری ۳؍ علاوہ ہوگا اور وی پی پیکٹ یا پارسل بلا رجسٹری نہیں جا سکیگا۔

بک پوسٹ

مطبوعہ کاغذات کتابیں سادہ کاغذ تصویریں نقشے کاپیاں پروف مسودہ اور دوسرے کارڈ یا رقی کاغذات جن کو پرائیویٹ خط و کتابت سے کوئی تعلق نہ ہو۔ بذریعہ بک پوسٹ جاسکتے ہیں ایک پیکٹ کا سائز ۲ فٹ سے زائد و دو فٹ لمبا ایک فٹ چوڑا و ایک فٹ اونچا ہو سکتا ہے گول پیکٹ کی لمبائی ۱ فٹ زائد ۱½ فٹ اور قطر ... یا پیکٹ کے ... ہو نہ چاہیں تا کہ بغیر کھولے چاک کے اندر کی چیز دیکھی جاسکے ۵ تولہ کا ... محصول ہوگا اور ۵ تولہ یا اس کی کسر کی زیادتی پر ... پڑھ جائیں گے۔

بیمہ

لیے تمام قیمتی سامان نوٹ چیک ہنڈیاں۔ زیورات اور قیمتی دھات مثلاً چاندی سونا پلاٹینا وغیرہ کے پارسل کو بیمہ کرانا چاہیئے جس پر علاوہ فیس رجسٹری اور محصول پارسل کے حسب ذیل شرح سے ٹکٹ لگانے چاہئیں ایک صد روپیہ کی مالیت تک ۳؍ اور ڈیڑھ سو یا دو صد پر پانچ آنہ دو صد سے ایک ہزار تک فی صد اور ایک ہزار سے تین ہزار تک فی صد ایک آنہ تین ہزار سے زائد بیمہ نہیں کیا جا سکتا۔

منی آرڈر کا محصول

۱۰ تک	۲؍	۵۰ سے ۶۰ تک	۱۰؍
۱۰ سے ۲۵ تک	۴؍	۶۰ سے ۷۵ تک	۱۲؍
۲۵ سے ۳۵ تک	۶؍	۷۵ سے ۸۵ تک	۱۴؍
۳۵ سے ۵۰ تک	۸؍	۸۵ سے ۱۰۰ تک	۱؍

چھ سو روپیہ سے زائد منی آرڈر نہیں ہو سکتا اور جو منی آرڈر بذریعہ تار بھیجا ہو تو منی آرڈر فارم کی خانہ پری کر کے بذریعہ تار کا لفظ اوپر لکھ دینا چاہیئے اسکی فیس حسب ذیل ہے فیس منی آرڈر بحساب روپیہ فیس تار بحساب الفاظ پتہ۔

تار

تار دو قسم کے ہوتے ہیں ایک معمولی دوسرا ضروری انکی فیس حسب ذیل ہے۔

ضروری تار کی فیس ۸ الفاظ تک ۱؍ جس میں مکتوب الیہ کا پتہ بھی شامل ہے اگر الفاظ ۸ سے زائد ہو جائیں گے تو ہر لفظ پر ۲؍ زائد دینا ہوگا۔

معمولی تار کی فیس ۸ الفاظ تک ۹؍ جس میں مکتوب الیہ کا پتہ بھی شامل ہے اگر ۸ الفاظ سے زائد ہوں تو ہر لفظ پر ۱؍ زائد لگایا جائیگا۔

سیونگ بنک

(۱) ہر شخص اپنے نام پر یا اپنے نابالغ بچے کے نام جس کا وہ خود سرپرست ہے کسی ڈاکخانہ کے سیونگ بنک میں روپیہ جمع کرا سکتا ہے۔

(۲) اس روپیہ پر ... فی صدی سالانہ کے حساب سود ملیگا سود اس کم سے کم رقم پر ملیگا جو مہینہ کے شروع سے آخر تک ڈاکخانہ میں جمع رہی ہو۔

(۳) ایک نام پر ایک ہی حساب کھولا جا سکتا ہے

(۴) چار آنے سے کم کوئی رقم جمع نہیں ہو گی اور پائیاں بھی جمع نہیں ہوں گی۔

(۵) ایک سال میں ساڑھے سات سو روپیہ سے زیادہ جمع نہیں ہو سکتا۔

(۶) ہفتہ میں ایک ہی بار روپیہ نکال سکتا ہے سرکاری ہفتہ سوموار سے شروع ہو کر سنیچر کو ختم ہوتا ہے اگر کوئی شخص سنیچر کو روپیہ نکلوالے تو سوموار کو پھر نکلوا سکتا ہے کیونکہ سوموار سے دوسرا ہفتہ شروع ہو جائیگا۔

(۷) ایک ڈاکخانہ سے دوسرے ڈاکخانہ میں حساب منتقل ہو سکتا ہے۔

(۸) حساب کے وقت ڈاکخانہ سے ایک پاس بک ملیگی اگر یہ گم ہو جائے تو ایک روپیہ ادا کرنے پر دوبارہ مل سکتی ہے لیکن اگر کوئی شخص اس گم شدہ پاس بک کو حاصل کر کے جعلی دستخطوں سے روپیہ نکال لے تو ڈاکخانہ ذمہ دار نہیں ہوگا۔

غیر ملکی پوسٹل نرخ

	برطانیہ عظمٰے اور اس کے مقبوضات کے لئے	دوسرے ملکوں کے لئے
پوسٹ کارڈ ۲؍ جوابی ۴؍		۳؍
لفافہ چٹھی جس کا وزن ایک اونس تک ہو ۲؍		۳؍۶
ہر زیادہ اونس یا جزو اونس پر	۲؍	۲؍
رجسٹری کا محصول	۳؍	۳؍
واپسی رسید	۳؍	۳؍

سیلون اور پرتگیز انڈیا کے لئے وہی محصول ہے جو کہ ہندوستان کے لئے۔

شرح بیمہ ممالک غیر

برٹش مقبوضات اور غیر ممالک کیلئے

۱۲ پونڈ کی مالیت تک	۴؍
۱۲ پونڈ سے زائد ہر ۱۲ پونڈ یا جزو کے لئے	۴؍

شرح منی آرڈر ممالک غیر

دس روپیہ تک	۳؍
دس روپیہ سے ۲۵ روپیہ تک	۶؍
اس سے زائد ہر پچیس روپیہ یا اسکی کسر پر	۶؍

پیکٹ ممالک غیر فی ۵ تولہ ۳ پائی

پارسل کی شرح تمام بیرونی ممالک کیلئے علیحدہ علیحدہ مقرر ہے جو ڈاکخانہ سے دریافت کرنے پر معلوم ہو سکتی ہے

شرح محصول تار برقی ممالک غیر

نام ملک	فی لفظ
عدن براہ بمبئی	۱۳؍
برٹش ایسٹ افریقہ براہ عدن و زنجبار	۱؍
آسٹریلیا براہ مدراس	۱؍۳
چین ہانگ کانگ شنگھائی براہ ...	۱؍

نام ملک	فی لفظ	نام ملک	فی لفظ
جاپان براہ مدراس	[illegible]	جرمنی براہ ایسٹرن	[illegible]
فرانس براہ ایسٹرن	[illegible]	برطانیہ عظمیٰ و شمالی	۱۵ر
عراق براہ کراچی	۱۴ر	آئرلینڈ	
مکہ براہ ایسٹرن	۱۵ر	جنوبی افریقہ	۱۵ر
فلسطین	۱۴ر	سپین	[illegible]
آسٹریا۔ روس۔ ٹرکی براہ ایسٹرن	[illegible]		

ڈاک کے جہازوں کے اوقات روانگی

مقام روانگی	یوم روانگی	کتنے عرصہ بعد جاتا ہے	کہاں کہاں کی ڈاک لیجاتا ہے
بمبئی	سنیچر	ہفتہ وار	انگلینڈ۔ آئرلینڈ۔ عدن۔ مصر۔ یورپ۔ امریکہ۔ مغربی افریقہ براستہ یورپ
بمبئی	جمعرات	ہفتہ وار	کراچی۔ پرشین گلف۔ عراق۔
بمبئی	بدھ	پندرہ روز بعد	مشرقی و جنوبی افریقہ۔
کلکتہ	اتوار	ہفتہ وار	برما
کلکتہ	منگل	ہفتہ وار	برما
کلکتہ	جمعہ	ہفتہ وار	برما۔ پینانگ۔ سنگاپور
رنگون	منگل	ہفتہ وار	ہندوستان و یورپ
رنگون	جمعرات	ہفتہ وار	ہندوستان کلکتہ
رنگون	جمعرات	ہفتہ وار	پینانگ۔ سنگاپور
رنگون	جمعہ	ہفتہ وار	ہندوستان۔ مدراس
رنگون	سنیچر	ہفتہ وار	ہندوستان کلکتہ
مدراس	جمعہ	ہفتہ وار	رنگون

ڈاک کے جہازوں کے اوقات آمد

مقام آمد	یوم آمد	کتنے عرصہ بعد آتا ہے	کہاں کہاں کی ڈاک لاتا ہے
بمبئی	جمعرات	ہفتہ وار	عدن۔ مصر۔ انگلینڈ۔ آئرلینڈ۔ یورپ۔ امریکہ و دیگر ممالک براستہ یورپ
بمبئی	جمعرات	ہفتہ وار	عراق۔ پرشین گلف۔ کراچی
بمبئی	سنیچر	ہفتہ وار	عراق۔ پرشین گلف۔ کراچی
بمبئی	سنیچر	پندرہ روزہ	مشرقی و جنوبی افریقہ
کلکتہ	منگل	ہفتہ وار	برما۔ سنگاپور۔ پینانگ
کلکتہ	جمعرات	ہفتہ وار	برما
کلکتہ	اتوار	ہفتہ وار	برما
رنگون	سوموار	ہفتہ وار	کلکتہ
رنگون	سوموار	ہفتہ وار	مدراس
رنگون	منگل	ہفتہ وار	کلکتہ و یورپ
رنگون	سوموار یا منگل	ہفتہ وار	سنگاپور و پینانگ
رنگون	جمعہ	ہفتہ وار	کلکتہ
مدراس	سوموار	ہفتہ وار	برما

مشائخ عظام کے عرس

خواجہ معین الدین صاحب اجمیری	اجمیر شریف	۶ رجب ۶ تک
خواجہ قطب الدین بختیار کاکی	دہلی	۱۴ ربیع الاول
خواجہ نظام الدین اولیا	دہلی	۱۷ ربیع الثانی
حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ	دہلی	۱۸ رمضان المبارک
شاہ جمال اللہ صاحب	رامپور	۳ صفر
مخدوم علاء الدین صاحب صابر	کلیر شریف	۱۲ ربیع الاول سے ۱۳ تک
حضرت شیخ مجدد الف ثانی	سرہند شریف	۲۸ صفر
شاہ بلاقی صاحب	مراد آباد	۲۷ صفر
سید محمد گیسو دراز صاحب	گلبرگہ	۱۵ ذیقعدہ
حضرت شیخ عباد اللہ صاحب	الہ آباد	۹ محرم
حضرت غوث الاعظم قدس سرہ العزیز	بٹالہ شریف	۱۰ ربیع الثانی
حضرت غوث الاعظم قدس سرہ العزیز	بغداد شریف	۱۱ ربیع الثانی
مخدوم شاہ مینا صاحب	لکھنؤ	۱۳ صفر المظفر
مولانا فضل الرحمن صاحب	مراد آباد	۲۳ ربیع الاول
پیر محمد نوشاہ صاحب	نوشہرہ شریف	۴ ربیع الاول
حضرت داتا گنج بخش صاحب	لاہور	۲۰ صفر المظفر
بابا فرید الدین شکر گنج	پاکپتن شریف	۵ محرم الحرام
حضرت امام صاحب	سیالکوٹ	۷ جمادی الثانی
خواجہ امیر خسرو صاحب	دہلی	۱۸ شوال
شاہ دولہ دریائی صاحب	گجرات	۱۹ ربیع الثانی
حضرت شاہ محمد غوث صاحب	لاہور	۱۶ ربیع الاول
بو علی شاہ قلندر صاحب	پانی پت	۱۳ رمضان المبارک
حضرت میاں میر صاحب	میاں میر	۷ ربیع الاول
شاہ ابو المعالی صاحب	لاہور	۱۵ ربیع الاول
خواجہ [illegible] صاحب	تونسہ شریف	۷ صفر المظفر
خواجہ شاہ [illegible]	غازی پور	۲۳ رمضان المبارک
مادھو لال حسین صاحب	لاہور	۳ شوال
حضرت [illegible] صاحب	[illegible]	۲۴ ذیقعدہ
مخدوم جہانیاں [illegible] صاحب	اوچ شریف	۱۰ ذوالحجہ
[illegible] صاحب	[illegible]	۴ صفر المظفر
[illegible] صاحب	[illegible]	۴ محرم الحرام
شاہ [illegible] صاحب	کاکوری	۱ محرم الحرام
[illegible] صاحب	گنگوہ	۲ صفر المظفر
خواجہ شمس الدین صاحب سیالوی	سیال شریف	[illegible]
[illegible] شاہ [illegible] صاحب	[illegible] شریف	[illegible] جمادی الثانی
حضرت غوث الاعظم قدس سرہ العزیز	[illegible]	[illegible] ربیع الثانی
[illegible] صاحب	[illegible]	[illegible] محرم الحرام
[illegible] شاہ [illegible] صاحب	[illegible] شریف	[illegible] صفر
[illegible]	[illegible] شریف	[illegible] صفر

ہندی ضرب المثلیں

سونا جانے کسنے سے آدمی جانے بسنے سے۔
سونے کا گڑوا پیتل کی پیندی۔
سوئی ٹوٹی کشیدہ سے چھوٹی۔
شکل چڑیل کی نام البیلی بیگم۔
ضامن نہ ہوجئے گرہ سے دیجئے۔
فکر برا فاقہ بھلا
کام چور کھانے میں زور۔
کچھ گیہوں سیلے کچھ جندر ڈھیلے۔
عقل نہ کرامت لڑنے کو مستعد۔
کنواری ارمان بیاہی پشیمان
کھانے کی گال اور نہانے کے بال نہیں چھپتے۔
کم کھائیں اور کنگالوں سے پرہیز۔
گدڑی کی گدڑان کیا چوہڑا کیا میدان؟
گھر میں بھونی بھنگ نہیں اور باہر نیوتے سات۔
گھر نہ دوار میاں پٹی دار۔
گھی مصالحہ کام کرے اور بڑی بہو کا نام کرے۔
گیت سہائے بھاٹ اور کھیتی سہائے باٹ۔
لاٹھی ہاتھ کی عورت ساتھ کی۔
لاڈلا پوت کٹورے موت۔
لشکا ہی لچھن دو بار لڑکا
لیک لیک گاڑی چلے اور لیک چلے سپوت
لیک چھوڑ کر تین چلیں سائر سنگھ کپوت
سندر شیر نافرمان بیٹا
ماں راکھ اور باپ کوئلہ بیٹے کا نام روشن الدولہ
مانو تو دیو نہیں تو پتھر
مرد مرے نام کو نامرد مرے نان کو۔
منہ کھائے آنکھ شرمائے۔
مرے شیر سے جیتی بلی بھلی۔
مری بھیڑ برہمن کے نام
مینا جو میں نا کہے دودھ بتاشے نت کھائے
بکری جو میں میں کرے الٹی کھال کھچوائے
بزدل ہاتھی اپنے ہی لشکر کو مارتا ہے۔
نام [illegible]
اکیلا ہنسنا بھلا نہ رونا
نیت ثابت منزل آسان
[illegible]
بغل میں سونٹا نام غریب داس۔

بنج کریں گے بانٹے اور کریں گے لیس۔
بنج کیا جب جاٹ نے رہ گئے سو کے تیس
کھٹ بھٹیاری بیسوا تنبولن جات کجات
آئے کی آدر کریں جات نہ پوچھیں بات
پتھر بھونے کی لڑکی کبیر کا تلک
مٹکی ٹوٹی دہی پینڈے سے چھوٹی۔
بہو لچھی اور گٹھڑ دو دھیلی
پاپی کا مال اکارت جائے چور پڑے یا ٹھگ لے جائے
پورب جاؤ یا دکھن سب جا کرم کے لچھن۔
پیٹ پیٹ نہ جانے جات کجات
نیند نہ جانے ٹوٹی کھاٹ
پڑھے نہ لکھے نام ودیا دھر۔
پنڈت اور مشعلچی دونوں الٹی ریت
اوروں کو دکھائیں چاندنی آپ اندھیرے بیچ۔
[illegible] پیٹ بھرے تو جیب سے لے۔
[illegible]
تیلو ادھر کی ادھر چا پھری۔
[illegible] ایک ہی جیسا ہی۔
[illegible] البتہ
[illegible] پرائی
تھوتھا چنا باجے گھنا۔
ثابت نہیں کان بالیوں کا ارمان۔
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
جو ماں سے زیادہ چاہے وہ پھاپھا کٹنی کہلائے۔
جہاں جائے بھوکا وہاں پڑے سوکھا
جیسی سیوا ویسا میوہ
جیسی مائی ویسی جائی۔
آس زندگی نراس موت۔
چاکر سے کتا بھلا جو سووے اپنی نیند
چونی کتیا گوشت کی رکھوالی
چھپر پر پھوس نہیں ڈیوڑھی پر نقارہ۔
چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں؟

ننگی سلوار خیرات کا ناڑا۔
پڑھے نہ ملا عقد اودھارا
داتا دان کرے کنجوس جھر جھر مرے۔
تیلی کی ناؤ پہاڑ چڑھے۔
دانت ٹوٹے کھر گھسے پیٹھ بوجھ نہ دے
ایسے بوڑھے بیل کو کون باندھ بھس دے
دل کو ہو قرار تو سب سوجھیں تہوار
دور کے ڈھول سہاونے اور پاس سے پھاڑیں کان
دھنونتی کے کانٹا لگا دوڑے لوگ ہزار
نردھن گرا پہاڑ سے کوئی نہ آیا کار
دھوبی کے گھر پڑا چور وہ نہ لٹا لٹے اور۔
دیدہ نہ شنیدہ آئے میاں امید۔
دیکھ بگانی کھیر کو مت ترساوے جی
روکھی سوکھی کھا کے ٹھنڈا پانی پی
ڈریں لومڑی سے نام شیر خان
راجا بھئے تو کیا ہوا انت جاٹ کے جاٹ
رذیل کی دوستی پانی کی لکیر۔
ساس گئی گاؤں بہو کہے میں کیا کیا کھاؤں؟
خصم راج ملیدا راج اور پوت راج محتاج۔
سب دن چنگی عید کے دن ننگی
آپ سے دے سو دودھ برابر مانگے سے سو پانی
اس کو کہئے موت برابر جس میں کھینچا تانی
آپ میاں صوبیدار گھر میں جورو کے پہاڑ
آدمی آدمی انتر کوئی ہیرا کوئی کنکر
آدھا آپ گھر آدھا باپ گھر
آدھی کو چھوڑ ساری کو دھائے
آدھی رہے نہ ساری پائے
آس بگانی جو تکے جیتے ہی مر جائے۔
آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا۔
آس پاس برسے دلی پڑے ترسے
[illegible]
[illegible] نکلا سوالاکھ
آنکھ ہوئی اوٹ دل میں آئی کھوٹ
مل گئی تو روزی نہیں تو روزہ
اُت کا بھلا نہ برسنا اُت کی بھلی نہ دھوپ
اُت کا بھلا نہ بولنا اُت کی بھلی نہ چپ

کاروباری معلومات

مکمل کاروباری انسان

جس شخص کی ذات میں حسب ذیل اوصاف موجود ہوں اس کو مکمل کاروباری انسان کہا جاسکتا ہے۔ (۱) پابندی اوقات (۲) محنت (۳) استقلال (۴) صبح خیزی (۵) دیانتداری (۶) صحیح قوت فیصلہ (۷) زبردست قوت ارادی (۸) انتظامی قابلیت (۹) قیافہ شناسی (۱۰) خوش اخلاقی (۱۱) وعدہ کی پابندی (۱۲) اپنے پیشے کے متعلق پوری واقفیت (۱۳) ہر کام کو مکمل کرکے چھوڑنے کی عادت (۱۴) ملازموں کے ساتھ عمدہ سلوک (۱۵) مکمل تعلیم (۱۶) حساب دانی (۱۷) عمدہ کیریکٹر (۱۸) کفایت شعاری (۱۹) وسیع معلومات (۲۰) اشتہاری قابلیت۔

کاروباری نقائص

جس تجارتی کوٹھی میں حسب ذیل نقائص موجود ہوں وہ کبھی ترقی نہیں کرسکتی (۱) مالک یا جنرل منیجر ہمیشہ پریشانی اور خوف میں مبتلا رہے (۲) کوئی مقرر اور ترقی یافتہ پروگرام سامنے نہ ہو۔ بلکہ منتشر اور کمزور تجاویز پر کاروبار چل رہا ہو (۳) تمام کارکن جلدی اور اضطراب میں نظر آئیں (۴) کسی طرف مسکراہٹ قہقہہ محبت، دوستی اور تعاون نظر نہ آئے (۵) ہر الزام دوسروں کے ذمہ لگانے کی کوشش کی جائے (۶) ہر شخص کی ذہنیت غیر ذمہ دارانہ ہو (۷) ہر کام دنیا سے ایک روز پیچھے چل رہا ہو۔

اطمینان زوال کی علامت ہے

جو شخص یہ کہتا ہے کہ اب مجھے آرام کی سانس آنے لگی ہے میرے سامنے کا میدان کھلا ہوا ہے اب ساحل مراد بہت دور نہیں ہے مقابلہ کی دوڑ میں اپنے حریفوں سے بہت آگے نکل آیا ہوں۔ جو کچھ چاہوں آسانی سے حاصل کرسکتا ہوں وہ شخص خطرے میں ہے کسی شخص کی کاروباری زندگی میں یہ وقت انتہائی خطرناک ہے جب کہ وہ یقین کرنے لگے کہ اب میری کاروباری حالت کو کوئی خطرہ لاحق نہیں ہے اور میری شہرت و ناموری بالکل مامون و محفوظ ہے جو شخص زیادہ مطمئن ہو کر مطمئن ہوجاتا ہے اس کو یاد رکھنا چاہئے کہ یہ اس کے زوال کی پہلی نشانی ہے یہی وہ علامت ہے جو اس کی آنے والی تباہی اور بربادی کی خبر دیتی ہے ہمیں لازم ہے کہ منزل مقصود [illegible] حاصل کرنیکے واسطے جان توڑ کوشش کرتے رہیں اور جس خواہش و تمنا نے ایک وقت ہمیں لگن لگا دی ہے اس کے حاصل کرنے کے واسطے کوشش [illegible] کرتے رہیں [illegible] ہوجاؤ تو سمجھ لو کہ امید و ترقی [illegible] شروع ہوگیا۔

صبح خیزی کا ایک فائدہ

بعض لوگ ہمیشہ طلوع آفتاب سے پہلے اٹھنے کے عادی ہوتے ہیں اور بعض دن چڑھے تک کافی دھوپ نکل آنے تک بستر چھوڑنا پسند نہیں کرتے اس بری عادت کا انسانی صحت پر جو مضر اثر پڑتا ہے [illegible] دن بھر سلسلہ رہتی ہے اس سے قطع نظر اس چیز کے صرف کاروباری پہلو پر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اس عادت بد کی بدولت ہم کس قدر نقصان برداشت کرتے ہیں۔ سرسری اندازہ کے مطابق سویرے اٹھنے کی نسبت دیر کرکے اٹھنے میں دو گھنٹے ضرور ضائع ہوجاتے ہیں اگر ہر روز کے ان دو گھنٹوں کو جمع کرکے دیکھا جائے تو سال بھر کے گھنٹوں کا مجموعہ ایک ماہ کے برابر ہوگا۔ اب اگر کسی شخص کی عمر ۸۴ سال فرض کرلی جائے تو حساب کرنے سے معلوم ہوگا کہ ۸۴ سال میں ان ہر روز کے ضائع ہونیوالے دو گھنٹوں کی مجموعی مدت سات سال ہوگی۔ گویا جو شخص صبح سویرے اٹھ بیٹھتا ہے وہ اپنی صحت اور دولت میں اضافہ کرنیکے ساتھ ہی اپنی عمر میں سات سال کا اضافہ کرلیتا ہے اور جو شخص طلوع آفتاب کے بعد بیدار ہوتا ہے اسکی عمر سات سال کم ہوجاتی ہے اور یہ سات سال جو صبح کے زرین لمحات کا مجموعہ ہیں انکی قدر و قیمت کسی ایسے شخص سے دریافت کیجئے جو صبح اٹھکر کام کرنیکا عادی ہو۔ اور جس کو معلوم ہو کہ صبح کے دو گھنٹے کس قدر قیمتی ہوتے ہیں وثوق کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ یہ سات سال تمام عمر کا بہترین حصہ ہیں جنہیں سو کر یا لاپروائی کے ساتھ کروٹیں بدلکر ضائع کردیا جاتا ہے کیونکہ صبح کے دو گھنٹوں میں جس قدر کام ہوسکتا ہے دن کے بقیہ گھنٹوں میں اتنا کام نہیں ہوسکتا خصوصاً دماغی مشاغل کیلئے تو یہ وقت نہایت بیش قیمت ہے۔

صنعتی نسخے

جو سردار کرن سنگھ بھگل آفت نے خورشید عالم جنتری کے لئے عنایت فرمائے

خوشبودار تیل

پاؤ بھر سفید تل کے تیل میں تھوڑا سا رتن جوت ڈال دیجئے اس سے تیل کا رنگ سرخ ہو جائیگا [illegible]

فونٹین پن کی سیاہی

[illegible]

بوٹ پالش

[illegible]

روزی کمانے کے طریقے

(صوفی لچھمن پرشاد صاحب ایڈیٹر رسالہ آستانہ جوگی لاہور کے قلم سے)

ملک میں بیکاری کا سیلاب آرہا ہے۔ ہر سال ہزاروں گریجوایٹ کالجوں سے نکل رہے ہیں سرکاری ملازمتیں محدود ہیں جن پر چند افراد قابض ہیں اور سب کو ملازمت ملنا ناممکن ہے اسلئے تعلیم یافتہ صاحبان کی نجات محض صنعت و حرفت میں ہی ہے۔ ناظرین خورشید عالم جنتری کے روبرو میں چند عملی طریقے روزی کمانیکے پیش کرتا ہوں

بڑیاں بنانیکے کارخانے

ہندوستان میں بڑیاں بھی ضروریات زندگی میں سے ہیں لیکن ان کے بنانے کا وہی پرانا طریقہ چلا آتا ہے کہ پیٹھی بنا کر ان کو تیار کیا جاتا ہے۔ چونکہ بیحد محنت طلب اور اصول تجارت اور حفظ صحت کے خلاف ہے اگر اس کام میں سائنس سے مدد لی جائے تو بڑیاں جہاں نہایت لذیذ بنیں گی وہاں صحت کیلئے بھی از حد مفید ہونگی ماش کے سالم دانوں کو چوبیس گھنٹہ بھگو لینے سے ان کے اندر کا مغز نائیٹرو فوڈ بن جائیگا۔ ماش کی بوریوں میں ڈالکر اور پاؤں سے مسلکر پھر پانی سے دھو کر ماش کے دانوں کا چھلکا نہایت آسانی سے اتر جاتا ہے ان کو دھوپ میں خشک کر کے مشین میں ان کا آٹا پیس لیں۔ پھر کسی سیمنٹ کئے ہوئے حوض میں یا کسی بڑے برتن میں اس آٹے کو ڈالدیں اور اس میں زیسٹ ڈبل روٹیوں کا خمیر ملا کر پانی سے گوندھ لیں پھر اس میں پیٹھا یا سبز چنے یا گھیاں یا ڈینگری یا کھمبیں کاٹ کر یا جس چیز کی بڑیاں بنانی ہوں وہی چیز ڈالدیں پھر سیاہ مرچ۔ الائچی دانہ۔ زیرہ جاوتری۔ لونگ۔ دارچینی نمک حسب اندازہ ملادیں اس کے بعد ٹین کے دو سانچے چوڑے یا چھوٹے ایک ہی سائز کے ہوں اور جن پر آپ کی فرم کا نام ہو اس میں بڑیوں کا مصالحہ بھر بھر کر ایک سائز کی خوبصورت بڑیاں بنالیں۔ سانچے دو گھنٹے کے بعد بھرنے چاہئیں تاکہ آٹا اس میں اچھی طرح سے اٹھ کر آجائے پھر ان بڑیوں کو گرم کمروں میں خشک کریں یا دھوپ میں۔ گرم کمروں کا فرش لوہے کی چادروں کا ہوتا ہے جو کہ نیچے سے خالی ہوتا ہے۔ کمرے کے باہر اس زمین کے اندر بھٹی کا منہ ہوتا ہے جس راستہ سے ایندھن ڈالکر فرش کو گرم کیا جاتا ہے۔ ایسی بڑیاں چار پانچ گھنٹوں میں خشک ہو جاتی ہیں اور اس طریقہ سے ہم ایک دن میں دس پندرہ من بڑیاں تیار کر سکتے ہیں۔ یہ بڑیاں بہت جلد پک جاتی ہیں۔ اور آلو کی طرح نرم اور بیحد لذیذ ہوتی ہیں۔ دلدار بڑیوں میں بیسن اور میدہ بھی نہایت باریک پیس کر ملادیا جائے تب اور بھی لذیذ ہو جاتی ہیں ان بڑیوں کو ایک ایک پونڈ کے لفافوں میں بند کر کے ان پر نہایت خوبصورت لیبل لگا دینے چاہئیں اور اگر مختلف چیزوں کی بڑیاں ہوں تو ان پر نہایت خوبصورت مختلف چیزوں کی تصویر پیدا ہونی چاہئے اس طرح پیٹھے گوبھی شلغم کھمبی وغیرہ کی شکل میں ان کی تصویریں ہوں اس سے بیحد دکانداروں کی معرفت ان کو فروخت کرانا چاہئے۔ اصلاح شدہ بڑیاں بہت جلد ملک میں مقبول ہو جائینگی اور پرانے طریقے کی گرد و غبار سے اٹی ہوئی بڑیوں کو کوئی ہاتھ بھی نہیں لگائیگا۔ آج تک بڑیوں کی اصلاح کی طرف کسی نے توجہ نہیں کی جو توجہ دیگا مالا مال ہو جائیگا۔ چونکہ ایک کوالٹی کی بڑیاں بیحد مقبول ہونگی۔ موجودہ بازاری بڑیوں کا کوئی [illegible] یا کوالٹی نہیں جیسا جس کا جی چاہتا ہے بنا کر (ادھ چھتوں پر سکھا کر کے جہاں خاک دھول ان پر پڑتی رہتی ہے) بازار میں جا کر فروخت کرتا ہے اس کے مقابلہ میں جدید طریقہ کی بڑیاں بیحد ہر دلعزیز ہونگی۔

چاول کے چھلکوں میں دولت

انسپکٹر۔ تم کہتے ہو باہر نکلنے کے تمام راستے بند تھے پھر ملزم کیسے بھاگ گیا؟
سپاہی۔ ہاں جناب بالکل بند تھے صرف پھاٹک کھلا ہوا تھا۔

ناظم۔ اگر تم میرے فیصلہ سے ناراض ہو تو قاضی صاحب کے پاس اپیل کرو۔
مقدمہ باز۔ وہ تو آپ کے بھائی ہیں۔
ناظم۔ خیر تو مفتی کے یہاں جاؤ۔
مقدمہ باز۔ وہ آپ کے چچا ہیں۔
ناظم۔ تو پھر وزیر سے رجوع کرو۔
مقدمہ باز۔ وہ آپ کے نانا ٹھہرے۔
ناظم (غصہ سے) تو پھر جاؤ جہنم میں۔
مقدمہ باز۔ وہاں آپ کے والد معظم تشریف رکھتے ہیں میری دال وہاں کہاں گلنے لگی

خریدار۔ آپ نے اپنے اخبار میں لکھا تھا کہ شراب میں ناک حل ہو جاتی ہے میں نے درست پایا بڑا مہربانی ہے بتائیے کہ شراب میں اور کیا کیا چیزیں حل ہو جاتی ہیں؟
ایڈیٹر۔ شراب میں چاندی، سونا، فرش، مکان، زمین، عزت، شرافت، ننگ و ناموس اور آخر میں پینے والا خود بھی حل ہو جاتا ہے۔

ریویو

مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم

مثنوی مولانا روم کو تصوف کے لٹریچر میں جو وقیع مرتبہ حاصل ہے اس کا اندازہ اس شعر سے کیا جا سکتا ہے

مثنوی مولوی معنوی — ہست قرآن در زبان پہلوی

اس گرامی قدر کتاب کی بیشمار شرحیں اب تک لکھی گئیں مگر حقیقت یہ ہے کہ کسی بھی شرح سے مطالب کی تفصیل و تسہیل کا مقصد حاصل نہ ہو سکا اور شارحین کرام کی تمام دماغ کاویوں کے باوجود مثنوی کے رموز و اسرار عوام کے فہم و ادراک سے اتنے ہی بلند رہے جتنے کہ ان شروح سے پہلے تھے لیکن خدا بھلا کرے مولانا محمد حفیظ اللہ صاحب قریشی کا جنہوں نے اپنی تمام سعی بالغ اور ذہنی اولو العزمی کے ساتھ اس مشکل کام کا بیڑا اٹھا لیا اور مثنوی کے حسن حقیقی پر اجمال و اہمال کے جو بے شمار حجاب پڑے ہوئے تھے ان کو اٹھا کر اس آفتاب معرفت کو مہر نیمروز کی طرح بے نقاب کر دیا جائے [illegible] ان کی نظر انتخاب کی تھی اس غرض کے لئے اس بالغ نظر کو منتخب کیا جس کی ذات میں اس مقصد جلیل کی تکمیل کے لئے تمام ضروری اوصاف ازل سے جمع تھے۔ یہ ہی مراد حضرت مولانا محمد نذیر صاحب عرشی سے ہے۔

عرشی صاحب کی شبانہ روز عرقریزیوں اور قریشی صاحب کی اولو العزمی کا نتیجہ مفتاح العلوم شرح مثنوی مولانا روم کی ۵ جلدوں کی صورت میں اس وقت ہمارے سامنے ہے۔ اس شرح میں التزام یہ ہے کہ پہلے اصل فارسی شعر دیا گیا ہے پھر اس کے مشکل الفاظ کی لغوی و اصطلاحی تشریح دی ہے پھر شعر کی نحوی ترکیب بیان کی گئی ہے اس سلسلہ میں اردو میں شعر کا ترجمہ آیا ہے اور آخر میں مطالب کی تشریح و تفصیل قرآن، حدیث اور اقوال ائمہ کی تطبیق کے ساتھ پیش کی گئی ہے اور اسی ذیل میں شعرائے فارسی و اردو کے اشعار بطور استشہاد درج کئے گئے ہیں۔

کاغذ، کتابت، طباعت سب چیزیں قابل تعریف اور قریشی صاحب کے ذوق نفاست کی مظہر ہے۔

اس کتاب کی قدر و منزلت کا ایک ثبوت یہ ہے کہ [illegible] والیان ریاست [illegible] جاگیرداروں [illegible] اور اعلیٰحضرت حضور نظام خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ [illegible] ریاست کے [illegible] سلامت نے اس کو پسند فرما کر خرید فرمایا ہے۔

ہم ناظرین خورشید عالم جنتری سے اس کی خریداری کی پرزور سفارش کرتے ہیں۔ مزید اطمینان کی ضرورت ہو تو [illegible] ملاحظہ فرمائیے۔

قیمت جو اس کی خوبیوں کے لحاظ سے بالکل کم ہے حسب ذیل ہے:

حصہ اول [illegible]

محمد حفیظ اللہ قریشی [illegible] مالک قریشی بک ایجنسی [illegible] لاہور سے منگائیے۔

بھکاری کا لال

(از ملک ظفر علی)

آہ غریب انوار! ۔

گرا اور بری طرح گرا۔ چوٹ کی ٹھوکر ضرور پڑی مگر معمولی جسم میں ذرا ہمت ہوتی تو شاید محسوس بھی نہ کرتا مگر تھا بیمار اور نہایت کمزور اس لئے سہار نہ سکا چبوترہ تھا سنگ مرمر کا اور کچھ پھسلن سی ہو رہی تھی بس ڈھلوان سے جو لڑھکا تو لیا لڑھکتا لڑھکتا نیچے ہی آ گرا۔ اور گرا بھی کیسا کہ تن بدن کی ہوش نہ رہی تنویر ننھی سی جان معصوم بچہ سات آٹھ سال کی عمر بھی بھلا کوئی عمر ہوتی ہے اس نے ہر چند باپ کو سنبھالنے کی کوشش کی مگر یہ بات ممکن ہی کب تھی۔ آخر ہوا تو یہی ہوا کہ معصوم آنکھوں سے گنگا اور جمنا بہہ نکلیں، غریب لگا پھوٹ پھوٹ کر رونے!

انوار بھکاری نہ تھا اچھے خاصے گذارہ کا آدمی تھا چاندنی چوک میں بساط خانہ کی دکان تھی۔ شہر بھر میں کاٹ لگے ہوئے تھے دس پانچ روپے روزانہ کی بچت تھی دولتمندی تو خیر بڑی بات ہے البتہ شرافت کے ساتھ گذارہ چل رہا تھا مگر تقدیر کو کون ٹال سکے بیٹھے بٹھائے پسینہ ایک ہو گیا صحت اچھی تھی پروا نہیں کی ٹھنڈے پانی سے نہا لیا بس پھر کیا تھا جوڑوں میں درد رہنے لگا اور درد کیا وجع المفاصل ہی ہو گیا۔ ہر چند علاج معالجہ کیا جھاڑ پھونک گنڈے تعویذ میں بھی کسر نہ رہی مگر مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ آخر چھ مہینے میں چارپائی کا ہو رہنے دکان نوکروں پر پڑی انہوں نے چند روز تو دیانت سے کام لیا مگر جب دیکھا کہ میاں اب اٹھنے سے رہے۔ تو پر پرزے نکالنا شروع کر دیئے نیت خراب ہو تو بے ایمانی کے ہزاروں طریقے ہیں۔ بس چند ہی روز میں دکان کا صفایا ہو گیا انوار اب کیا کر سکتا تھا لینا وصول نہ ہو سکا اور جن کو دینا تھا ان کو بچا کھچا سودا دے کر حساب چکانا پڑا۔ جو پاس پلے تھا بیماری پر پانی کی طرح بہہ گیا اب دیکھئے گھر میں چار برتن اور چند چیتھڑے باقی تھے باقی اللہ اللہ اور خیر سلا۔

لیکن وہ جو آپ نے سنا ہو کہ مصیبت تنہا نہیں آتی عین انہی دنوں شہر میں طاعون پھوٹ پڑا۔ اور کچھ ایسا زہریلا کہ جس کو دبوچا عدم آباد پہنچا کر دم لیا۔ انوار کے گھر میں چھوٹی موٹی کل چار جانیں تھیں میاں بیوی ایک بچہ اور ایک بچی۔ اس میں بیوی اور بچی تو رخت سفر سنبھال کر رخصت ہو گئیں صرف باقی رہ گئے چارپائی سے لگے ہوئے انوار اور ایک سات آٹھ سال کا معصوم بچہ تنویر۔

ان حالات میں اگر انوار نے سوچا تو بالکل ٹھیک سوچا کہ محنت ہم سے ہو گی نہیں اور یہیں بھیک مانگنا یوں مرنے کا سامنا ہے اس لئے بہتر یہی ہے کہ بمبئی کی راہ لیں چنانچہ گھر کا سامان اس نے بیچنے پر رکھ دیا اور اونے پونے جو بچا تو پچیس تیس روپے سے زیادہ ہاتھ نہ لگے کہ دونوں باپ بیٹوں کو بمبئی پہنچانے کیلئے کافی تھے۔

(۲)

گرانٹ روڈ اسٹیشن پر اتر کر انہوں نے ایک معمولی سی سرائے میں قیام کیا زاد سفر سے بچے کچھ پیسے باقی تھے وہ چند روز سے زیادہ وفا نہ کر سکے آخر ختم تھے وہ اس بھری دنیا میں صرف ایک پیشہ تھی جس کا آسرا غریب پردیسی کو نظر آتا تھا اور وہ بھی کاسہ گدائی اگرچہ غیرت و حمیت گداگری کی اجازت دینے میں مانع تھی مگر پیٹ کا دوزخ بری بلا ہے آخر تنگ آکر کیا نہ کرتا! انوار نے لاٹھی تھام لی تنویر نے سہارا دے لیا اور باپ بیٹا بھیک مانگنے چلے مگر اس شان سے کہ چہروں پر حیا کی سرخی آنکھوں میں ندامت کے آنسو پیروں میں لڑکھڑاہٹ۔ ہاتھوں میں لرزش زبانوں میں لکنت اور دلوں میں موت کی تمنا۔

آٹھ روز اس طرح گذرے کہ جہاں روٹی کیلئے پیسے مل جاتے واپس آ جاتے مگر یہ عجیب بات دیکھنے میں آئی کہ انوار تو جیسے تیسے کچھ کھا لیتا مگر تنویر ایک دو لقمے توڑنے کے بعد باپ کی آنکھ بچا کر باہر نکل جاتا اور اپنے حصہ کی روٹی کسی فقیر کو دے دیتا تنہائی میں کبھی موقعہ مل جاتا۔ تو بیٹھ کر گھنٹوں رویا کرتا۔

آخر نویں روز باپ بیٹا ساحل سمندر کی طرف نکل گئے سامنے سہراب جی وکیل کا عالیشان محل تھا بھکاری کے دل کو امید نے دھوکا دیا۔ سوچا شاید دن بھر کی روٹی یہیں سے مل جائے سوال کر دیا۔ مگر سوال کیا کیا آفت آ گئی۔ سہراب جی کچھ ایسے بڑے آدمی تھے مگر اس وقت خدا جانے کیا وجہ ہوئی کہ فقیر کی شکل دیکھتے ہی گالیوں پر اتر آئے اور آخر میں پیٹ کی ٹھوکر بھی رسید کر دی۔ جو اگرچہ معمولی تھی مگر بیمار بھکاری سہار نہ سکا اور چبوترے کے ڈھلوان سے جو لڑھکا تو ایسا لڑھکا کہ نیچے ہی آ گرا اور گرا بھی کیسا کہ تن بدن کی ہوش نہ رہی۔

تنویر رو بھی رہا تھا اور باپ کے چہرہ سے گرد بھی صاف کر رہا تھا سڑک کے دوسری جانب موٹر میں بیٹھی ہوئی ایک پارسی لیڈی نے تمام ماجرے کو دیکھا اور اپنے شوفر سے کہا کیا تم اس غریب آدمی کو اس کی قیام گاہ پر پہنچا سکتے ہو؟

انوار کو کچھ زیادہ چوٹ نہیں آئی تھی کمزوری کی وجہ سے غش آ گیا تھا۔ موٹر میں ٹھنڈی ہوا جو لگی طبیعت آراستہ ہونے لگی اور سرائے پہنچتے پہنچتے بالکل سنبھل گئی تنویر نے اسے چارپائی پر لٹا دیا اور آہستہ آہستہ جسم دبانے لگا کھڑکی سے ہوا آ رہی تھی۔ انوار نے ذرا استراحت جو محسوس کی تو نیند آ گئی۔

(۳)

آسمان پر سنہری بادل نیلے سمندروں میں تیر رہے تھے۔

تنویر بازار کے کونے پر کھڑا تھا اس کے ننھے سے دل میں بھیک سے نفرت پیدا ہو گئی تھی اتنے میں موڑ پر سے ایک ٹمٹم فراٹے بھرتی ہوئی نکلی اور سیدھی اس طرف کو چلی جہاں تنویر کھڑا تھا۔ خیریت یہ ہوئی کہ اس نے دور سے دیکھ لیا اور کود کر الگ ہو گیا ورنہ کچل جانے میں کوئی کسر باقی نہ تھی پھر بھی ٹمٹم کا گھوڑا تھا نہایت منہ زور کوچوان کے روکے نہ رک سکا اور دو ہی قدم بڑھ کر ایک سائیکل سے ٹکرا گیا۔ وہ تو کہئے کہ ڈاکٹر حبیب احمد بڑے ہی شریف آدمی تھے۔ ورنہ اسی وقت پولیس کے حوالے کر دیتے۔ بیچارے بازار سے سودا سلف لیکر آ رہے تھے سامنے بچی کو بٹھا رکھا تھا ٹکر لگتے ہی خود ڈاکٹر صاحب جا پڑے بچی الگ اور سامان نالی میں۔ تنویر نے جو یہ حالت دیکھی تو دوڑ کر بچی کو گود میں لے لیا سامان اٹھا کر صاف کر کے الگ رکھ دیا۔ اور ڈاکٹر صاحب نے کپڑے جھاڑے تو دیکھا سائیکل بیکار ہو چکا تھا۔ ڈاکٹر صاحب نے بے انداز ممنونیت تنویر کی طرف دیکھ کر پوچھا۔ "بچے تم ......؟" "ہاں جناب میں مزدور ہوں" تنویر نے جواب دیا۔ ڈاکٹر نے کہا "اچھا چلو ہمیں گھر تک پہنچا دو" تنویر نے بچی اور سامان لے لیا۔ ڈاکٹر صاحب نے سائیکل تھام لیا اور چل دیئے۔

اگلے چوک کے موڑ پر جہاں مینڈی بازار اور موچی جیشا گیٹ سے آنے والی سڑکیں ملتی ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کا مکان تھا وہاں پہنچکر ڈاکٹر صاحب نے تنویر کو چار پیسے دیئے اور شکریہ ادا کرکے رخصت کردیا۔

غریب باپ بیٹا کل شام سے خالی پیٹ تھے چار پیسے کے چنے چبا کر ٹھنڈا پانی جو پیا تو جان میں جان آئی اور رات کو خوب ہی لمبی تان کر سوئے۔

(۴)

صبح ہوگئی۔

ننھی ذراسی عمر معصوم بچہ اور پھر ناز پروردہ۔ غریب کو اتنا بھی معلوم نہ تھا کہ محنت مزدوری کہاں اور کس طرح ملتی ہے پھرتے پھراتے پھر اسی طرف نکل گیا۔ ڈاکٹر صاحب نے بچی کو گاڑی میں بٹھا رکھا تھا اور باغ کے احاطہ میں سبز گھاس پر پھیر رہے تھے تنویر نے لپک کر گاڑی کا ہینڈل تھام لیا۔ مگر گاڑی خدا جانے کب سے گرد و غبار میں اٹی پڑی تھی بچی کے کپڑے تک خراب ہو رہے تھے۔ تنویر نے بچی کو کپڑا پونچھا دیا اور گاڑی کی گدیاں وغیرہ الگ کرکے اندر باہر سے ایسا صاف کیا کہ منہ نظر آنے لگا۔ ڈاکٹر صاحب کی بیوی کو مرض فالج کا عارضہ تھا اور بیچاری گھر کے کام کاج سے معذور تھیں انہوں نے بالاخانہ کی چھت سے جو کیفیت دیکھی تو سوچا کہ اتفاق سے بیٹھا بٹھایا ہاتھ لگ گیا ہے۔ لگے ہاتھوں زنانخانہ کی بیٹھک کیوں نہ صاف کرالوں عید کی دعوت کو چھ ہفتے گذر گئے بس وہ دن اور یہ دن ابھی تک پلاؤ کی ہڈیاں بھی شاید وہیں سڑ رہی ہوں۔ سامان بھی تمام الجھا پڑا ہے اور گرد و غبار کا تو کیا ٹھکانا۔ ایسے میں اگر کوئی مہمان آجائے تو کیسی کرکری ہو؟

ڈاکٹر صاحب باہر چلے گئے اور تنویر دن بھر کام کرتا رہا کہیں فرش درست کئے۔ کہیں برتن دھوئے کہیں چاندنیاں بدلیں کہیں باغ کے گملوں کو ترتیب سے لگایا۔ ڈاکٹر صاحب جب لوٹے تو کیا دیکھتے ہیں کہ ہر چیز چمن بن رہی ہے اور گرد و غبار کا کہیں دور پتہ نہیں۔ بیگم نہایت محظوظ ہوئے محبت سے تنویر کو پاس بٹھا لیا۔ پیار کیا۔ کچھ سرسری حالات پوچھے۔ اس کے بعد پیٹ بھر کھانا کھلایا اور جاتے وقت چار آنے پیسے دیکر کہا۔ دیکھو بیٹا صبح پھر آنا۔

مگر تنویر کی واپسی تک ان کی مصیبتوں میں ایک اور کا اضافہ ہوگیا تھا [illegible] پیچھے تین روز سے ادھیں ہوتے تھے اس نے جو صورت دیکھی تو کاٹھ کی چار چو دو نول باپ بیٹوں کا اوڑھنا بچھونا تھی اور کچھ تھوڑی بہت پونجی بھی چھین لی اور [illegible] سے باہر کردیا۔ حبیب لوٹا تو ابا سڑک کے کنارے ایک نالے کے کھمبے سے لگا ہوا بیٹھا تھا اور آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر بیٹے کا انتظار کر رہا تھا۔ وہ آہستہ آہستہ آگے بڑھا ہاتھ بڑھا کر چھاتی سے لپٹا لیا۔ وہ ایسا پھوٹ پھوٹ کر رویا کہ ہچکی بندھ گئی۔

(۵)

ڈاکٹر حبیب احمد ایک سادہ وضع اور سادہ طبیعت کے مرنجان مرنج بزرگ تھے۔ پہلے گورنمنٹ میں ملازم تھے اب تین چار سال سے پنشن لے لی تھی اور اپنے مکان کے سامنے سڑک کی دوسری جانب پرائیویٹ پریکٹس کرتے تھے۔ آدمی نہایت ذہین ماہر فن اور تجربہ کار تھے۔ جو شخص ایک دفعہ آگیا بس یوں سمجھئے ہمیشہ کیلئے گرویدہ ہوگیا۔ قابلیت کا تو ذکر کیا ان کی طبیعت میں قناعت اور استغنا اس قدر تھا کہ [illegible] اوقات کا خیال اور مطلب کی ترتیب و آمیزش کی فکر [illegible] ضرورت سے [illegible] کافی سے زیادہ تھی [illegible] گھر میں ایک ڈاکٹر صاحب تھے ایک ان کی بیوی اور ایک بچی [illegible] دن [illegible] ان کو [illegible] ضرورتیں [illegible] بیوی کو [illegible]

موٹاپے کا عارضہ عرصہ سے تھا اور بیچاری گھر کے کام کاج سے معذور تھیں۔

تنویر کی ذہانت اور کارکردگی ایسی چیز نہ تھی جو چھپی رہ سکتی اور یوں بھی ڈاکٹر صاحب کو اس کے ساتھ ایک قسم کی محبت اور ہمدردی سی پیدا ہوگئی تھی اسلئے اگلی صبح ڈاکٹر صاحب نے تنویر کو اپنی ملازمت میں لے لیا۔ آٹھ روپیہ ماہوار تنخواہ، دو وقت کا کھانا۔ کپڑا اور رہائش کے لئے ایک کمرہ۔ باپ بیٹوں کیلئے دو چارپائیاں اور چند برتن بس یوں سمجھئے کہ دونوں کیلئے زندگی کی صورت پیدا ہوگئی اور سر چھپانے کے لئے آسرا مل گیا۔

تنویر کا روٹی کپڑا ڈاکٹر صاحب کے ذمہ تھا اور اسکی تنخواہ میں ابا کی گذر ہوجاتی تھی کام جو تنویر کو سپرد کیا گیا کچھ زیادہ نہیں تھا مگر اس نے کبھی اپنے فرائض کو محدود نہ سمجھا۔ اسکی کوشش یہی تھی کہ گھر کی چاردیواری میں ڈاکٹر صاحب اور ان کی بیوی کوئی کام اپنے ہاتھ سے نہ کریں۔ صبح سے شام تک ایک منٹ کیلئے بیکار بیٹھنا اس پر حرام تھا بس جو کام دیکھا اس میں ہاتھ ڈال دیا اور اس خوبی سے انجام دیا کہ دیکھنے والے عش عش کر اٹھتے اور تنی سی عمر میں اس ذہانت اور سلیقہ کو دیکھکر تعجب کرتے۔ ایک ہی ہفتہ میں اس نے میاں بیوی کی عادات و خصائل پر اسقدر عبور حاصل کرلیا۔ جیسے کوئی برسوں کا شناسا ہو۔ ڈاکٹر صاحب کو یہ بات تمام زندگی میں کبھی میسر نہ ہوئی کہ ہر چیز انکی عادت اور معمول کے مطابق وقت پر مہیا ہوگئی ہو۔ بیوی یوں ہی معذور تھیں۔ نوکر چاکر بھی رکھکر دیکھ لئے مگر یہ بات کبھی پیدا نہ ہوئی۔ جو تنویر نے پیدا کردی۔ ہر کام گھڑی کی سی باقاعدگی اور پابندی کے ساتھ ایسی سہولت اور آرام کے ساتھ ہوتا تھا۔ اور ہر چیز ان کی طبعی خواہش کے مطابق ایسے عین وقت پر مہیا ہوتی تھی کہ ڈاکٹر صاحب مارے خوشی کے کھل اٹھتے تھے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ چند ہی ہفتے میں ڈاکٹر صاحب اور انکی بیوی کو تنویر کے ساتھ اس قدر محبت ہوگئی۔ جیسے کوئی کسی کا حقیقی فرزند ہو۔

(۶)

انسان کا پیٹ خالی ہو تو اسے سوائے فکر معاش کے کچھ سوجھتا ہی نہیں۔ مگر جب اس طرف سے اطمینان ہوجائے تو طبیعت کے جوہر کھلنے لگتے ہیں اور دماغ پر پڑے ہوئے پردے ایک ایک کرکے سرکنا شروع ہوجاتے ہیں۔ تنویر پرائمری کے چوتھے درجہ میں پڑھ رہا تھا کہ گیا تھا دیری اور سلسلہ تعلیم بیچ میں کٹ گیا۔ باپ جو ذرا اطمینان کی صورت پیدا ہوئی۔ تو اسے خیال پیدا ہوا۔ ڈاکٹر صاحب [illegible] ایک نہایت ہی نیک با اخلاق اور ملنسار آدمی تھے۔ اور یہ تنویر کی [illegible] کا اثر تھا یا ڈاکٹر صاحب کی خوش خصالی کا نتیجہ کہ انہیں تنویر کے ساتھ [illegible] تھی۔ تنویر نے اس موقعہ کو غنیمت سمجھکر فرصت کے وقت میں ڈاکٹر صاحب سے پڑھنا شروع کردیا۔ لڑکا تھا بلا کا ذہین۔ دیکھتے ہی دیکھتے ترقی کی منزلیں اس طرح طے کرنے لگا جیسے کوئی پچھلا سبق [illegible] رہا ہو۔ ڈاکٹر صاحب کا طرز تعلیم بھی نہایت موثر تھا اور یوں بھی دل [illegible] جب موقعہ تھا۔ وہ [illegible]

بہتر کیا کر سکتا ہے میر صاحب دنگ رہ گئے اور شام کو جب ذرا فرصت ہوئی تو انہوں نے ڈاکٹر صاحب سے بھی اس کا ذکر کیا۔ ڈاکٹر صاحب تنویر کی ذہانت و ذکاوت سے واقف تو بخوبی تھے مگر ان کو یہ توقع نہ تھی کہ جس کام کی اسے کبھی تعلیم نہیں دی گئی اس میں بھی اسے اتنی دسترس حاصل ہے بہرحال وہ نہایت خوش ہوئے اور آج سے یہ التزام کر لیا کہ خود بھی دو گھنٹے روزانہ وقت نکال کر تنویر کو پڑھانے اور میر صاحب کو بھی ہدایت کر دی گئی کہ وہ اسے میٹرک کے امتحان کے لئے تیار کریں اور دوا سازی کا کام پوری توجہ سے سکھائیں۔

ان دنوں تنویر کے ذمہ تین مختلف قسم کے فرائض تھے یعنی گھر کا کام کلینک۔ دواخانہ کا کام اور اپنی تعلیم۔ اور یہ تنویر ہی تھا کہ تینوں قسم کے فرائض سے نہایت خوبی کے ساتھ عہدہ برآ ہوتا تھا۔ آجکل اسکی تنخواہ پندرہ روپے ماہوار تھی۔

نوکر کی حیثیت اب ڈاکٹر صاحب کے گھر میں وہی تھی جو کسی خاندان میں بڑے بوڑھوں کی ہوتی ہے کبھی باغ میں بیٹھے حقہ گڑگڑا رہے ہیں کبھی بھینس سے جی بہلا رہے ہیں کبھی گھر میں جا بیٹھے کبھی بازار سے کپڑا لتا سودا سلف لے آئے کبھی گھر کے مشوروں میں شریک ہیں کبھی جائیداد کا کرایہ وصول کر رہے ہیں۔ غرض یہ کہ گھر کی تمام سرپرستی اور انتظام انہی کے سپرد تھا صرف بچا کھچا کام تنویر کو کرنا پڑتا تھا۔ لیکن بھی گھر کے سب لوگ بڑے میاں کا ادب کرتے تھے اور انہوں نے بھی اسکو اپنا ہی گھر سمجھ لیا تھا۔

ان واقعات پر تیسرا سال گذر رہا تھا کہ تنویر نے میٹرک کا امتحان فسٹ ڈویژن میں پاس کیا اور اگلے سال میڈیکل کالج میں داخل ہو گیا۔ آجکل کمپونڈری کا تمام کام بھی اسی کے سپرد تھا کیونکہ میر صاحب بعض خانگی وجوہات سے ایک طویل رخصت پر لکھنؤ تشریف لے گئے تھے چنانچہ اس وقت اس کا پروگرام یہ تھا کہ صبح چار بجے بیدار ہوتا چار سے آٹھ بجے تک گھر کے وہ کام کرتا جنہیں اس کا باپ نہیں کر سکتا تھا۔ ۸ سے ۹ تک دواخانہ میں کام کرتا۔ ۱۰ سے ۴ تک کالج جاتا ۵ سے ۸ تک پھر دواخانہ کا کام کرتا۔ ۸ کے بعد پھر گھر کے تعلیمی کام باپ کی خبر گیری اور ڈاکٹر صاحب کی خدمت وغیرہ وغیرہ۔ آجکل اسے پچیس روپے ماہوار کمپونڈری کی تنخواہ ملتی تھی جو کالج کے وظیفے کے ساتھ مل کر تعلیمی اخراجات کی کفالت کرتی تھی باقی جو کچھ بچ جاتا تھا تو اس کے باپ کے کام آتا تھا۔ اس اثنا میں ڈاکٹر صاحب کی مہربانیاں برابر ترقی کر رہی تھیں۔

(۷)

نو سال گذر گئے۔

ڈاکٹر حبیب احمد کو سو روپیہ ماہوار پنشن آتی تھی۔ دو سو سے زیادہ کرایہ کی آمدنی تھی۔ دو چار کمپنیوں کے حصص خرید رکھے تھے کچھ ادھر سے آجاتا تھا طبیعت میں قناعت کا مادہ بھی تھا اور پھر بھی کافی اچھی تھی۔ اس لئے انہوں نے دو سال سے پریکٹس ترک کر دی تھی اور ان کی بجائے اب اس عمارت پر جہاں وہ پریکٹس کرتے تھے ڈاکٹر تنویر الحق ایم بی بی ایس کا شاندار بورڈ لگا ہوا تھا مگر یہاں ڈاکٹر حبیب احمد کا سا اب کہیں چیز بے ترتیب اور بیقاعدہ۔ ہر طرف قدامت کی علامت اور گرد و غبار کا راج اور یہاں ڈاکٹر تنویر الحق کا شاندار میڈیکل ہال تھا۔ [illegible] اعلیٰ درجہ کا شفاخانہ کہیں مریضوں کے آرام و نشست کا انتظام کہیں پردہ نشین خواتین کیلئے باپردہ ڈسپنسری کہیں باہر کے حضرات کیلئے دار الانتظار۔ ایک طرف زمانہ حال کے بہترین آلات سے آراستہ نہایت نفیس اپریشن روم۔ دو تین کمروں میں شاندار ڈسپنسری ایک کمرہ معائنہ اور تشخیص کیلئے مخصوص۔ ایک کمرہ میں دار المطالعہ۔ ایک کمرہ میں سٹاف کے لئے

اور چائے ناشتہ وغیرہ کا انتظام۔ ایک میں ڈاکٹر صاحب کی نشست۔ ایک میں خطرناک مریضوں کیلئے فوری طبی امداد کا بندوبست ہر طرف برقی روشنی، برقی پنکھے، برقی لفٹ، بہترین سٹاف، بہترین آلات، باوفا و ہمدرد، شاندار سلیقہ شاندار انتظام۔

خود ڈاکٹر صاحب کی ذہانت کا یہ حال کہ مریض کو دیکھتے ہی مرض کی تہ کو پہنچ جاتے اور نسخہ لکھتے تو ایسا جامع کہ کبھی خطا نہ کرتا۔ اخلاق کا یہ حال کہ جو پاس سے گذر گیا وہ بھی دوبارہ ملاقات کی تمنا ساتھ لے گیا۔ دو تین سال ہوئے جب پہلے پہل آکر بیٹھے تو مریض بہت کم آتے اور آتے بھی کس طرح۔ ابھی ابھی تو امتحان پاس کر کے آئے تھے۔ لوگ پرانے اور تجربہ کار ڈاکٹروں کو چھوڑ کر ان کے پاس آتے تو کیوں آتے مگر خدا کی مہربانی ہو تو اسباب غیب سے پیدا ہو جاتے ہیں۔ انہی دنوں سنٹرل بڑودہ بینک کے چیئرمین سیٹھ دادا بھائی جمشید جی جن کے پیٹ میں ایک خطرناک قسم کی رسولی تھی جرمنی سے لاعلاج ہو کر آئے تھے۔ ڈاکٹر تنویر الحق نے سنا تو اپنی خدمات پیش کر دیں۔ جو تھوڑی سی رد و قدح کے بعد منظور کر لی گئیں۔ نوجوان ڈاکٹر نے خدا کا نام لیکر اپریشن کیا جو بجد کامیاب رہا۔ ایسا کامیاب کہ سیٹھ جی نے پچاس ہزار روپیہ انعام دیا۔ بس پھر کیا تھا شہر اور مضافات میں دھوم مچ گئی۔ تمام انگریزی اور گجراتی اخباروں میں ڈاکٹر صاحب کی تصویریں شائع ہوئیں۔ ہر دعوت اور ہر اجتماع پر چرچا ہونے لگا نتیجہ یہ ہوا کہ شہر بھر کے مریض الٹ پڑے۔ اور پھر اللہ تعالیٰ نے ڈاکٹر کے ہاتھوں کو کچھ ایسا اعجاز بخش دیا کہ لوگ روتے آتے اور ہنستے جاتے پبلک کا حسن ظن بڑھتا گیا اور دن دونی رات چوگنی ترقی ہونے لگی چنانچہ اب یہ حالت تھی کہ اوقات مطب میں موٹروں اور گاڑیوں کا تانتا بندھا رہتا تھا۔ ڈاکٹر صاحب اور ان کے سٹاف کو سر کھجانے تک کی فرصت نہیں ملتی تھی اور تمام اخراجات نکال کر پانچ ہزار روپیہ ماہوار کی آمدنی تھی جس میں ہر روز کچھ نہ کچھ اضافہ ہو رہا تھا۔

انہی دنوں ایک سفید ریش بزرگ ایک شاندار موٹر میں کبھی کبھی تشریف لایا کرتے جنہیں دیکھ کر ڈاکٹر صاحب اور تمام سٹاف سروقد تعظیم کیلئے کھڑے ہو جاتے یہ بزرگ ڈاکٹر صاحب کے والد محترم شیخ انوار الحق تھے۔

(۸)

اگلی عید کے دن۔

ڈاکٹر تنویر الحق کی شادی ہو گئی۔ ڈاکٹر حبیب احمد کی حسین و جمیل اکلوتی لڑکی لیڈی ڈاکٹر بلقیس جمال ڈاکٹر تنویر الحق کے حبالۂ عقد میں آگئیں۔ ڈاکٹر صاحب نے دو سو روپیہ ماہوار آمدنی کی جائیداد ایک شاندار رہائشی مکان اور ساٹھ ہزار روپیہ نقد لڑکی اور داماد کو دیا۔ شہر کی آب و ہوا بلقیس جمال کو موافق نہیں تھی۔ خود ڈاکٹر صاحب بھی باہر کی رہائش زیادہ پسند کرتے تھے اسلئے ان کا خیال یہ تھا کہ سمندر کے کنارے کوئی کوٹھی مل جائے تو وہاں اٹھ جائیں۔ شہر میں ایک انگریزی کمپنی جائیداد کی خرید و فروخت کا کام کرتی تھی۔ ڈاکٹر صاحب نے ٹیلیفون کیا اور اگلے ہی دن ان کا انگریز ایجنٹ کئی محلات و کوٹھیوں کے نقشے لیکر حاضر ہو گیا۔ ڈاکٹر صاحب نے ان میں سے ایک شاندار محل پسند کیا جس کے ساتھ ایک خوبصورت باغ بھی تھا۔ ڈاکٹر تنویر الحق اسکو دیکھنے کیلئے خود تو نہ جا سکے البتہ ڈاکٹر حبیب احمد جا کر دیکھ آئے۔ اسکی قیمت پچاسی ہزار مانگی گئی تھی ڈاکٹر صاحب نے اسی ہزار کر دیئے اور سودا پختہ ہو کر رجسٹری ہو گئی۔

آخر برسات کی ایک خوبصورت شام کو ——— جبکہ ہلکی ہلکی بوندا باندی ہو رہی تھی ڈاکٹر تنویر الحق کی شاندار موٹر نے محل کے پھاٹک میں داخل ہوتے ہی بلقیس جمال اپنی تمام [illegible] استقبال کیلئے موجود تھی ڈاکٹر نے مسکرا کر اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا اور خراماں خراماں آگے بڑھے [illegible] ایک [illegible] پرندہ سال پہلے کا ایک دھندلا سا نقشہ اسکی نگاہوں میں رقص کر رہا تھا۔

چند عجیب دوائیاں جن کے ساتھ کی کہیں دوسری جگہ نہ ملینگی

پاس رکھ کر مشہوری حاصل کرو

ہر ایک دوائی کا نمونہ بھی دیا جاتا ہے

میٹھا پھل — رجسٹرڈ

لڑکا ہی پیدا ہوگا۔ ورنہ قیمت واپس

یہ ایک عجیب دوائی ہے حمل کے [illegible] ماہ بعد [illegible] یہ دوائی دودھ سے کھلائی جاتی ہے [illegible] لڑکا ہی پیدا ہوگا [illegible] [illegible] دوائی کی قیمت اگر دس ہزار روپیہ بھی ہو تو تھوڑی ہے [illegible] واپس دینا ہوں … ایسی سینکڑوں اسناد موجود ہیں۔

عرق بخار — رجسٹرڈ

[illegible] بخار [illegible] سینکڑوں [illegible] کے مقابل [illegible] بخار کے لئے کوئی دوائی [illegible] نہیں ہے [illegible] کر دیکھیں اگر خیال نہ کریں تو میں کیا مشہوری لکھوں …

پھولو پھلو — رجسٹرڈ

یہ سرکھیا مسان کی دوائی ہے [illegible] یہ دوائی سرکھیا مسان [illegible] بہت ہی مفید [illegible] ثابت ہوئی ہے [illegible] استعمال [illegible] دوائی دونوں کے [illegible]

درد شکن — رجسٹرڈ

اس دوائی کے ایک ہی پھریرے کے لگانے سے [illegible] منٹ [illegible] درد [illegible] درد شکن [illegible] ہو جاتا ہے [illegible]

گولی امرت — رجسٹرڈ

[illegible] کھانسی [illegible] سانپ بچھو کا ڈنگ [illegible] گولی امرت [illegible] اس بات کے اظہار میں بہت خوشی ہے [illegible] بارہ سال کے تجربے میں [illegible] ۹۵ فیصدی اکسیر پایا ہے۔

ایسے ہی

[illegible]

[illegible] کا فیصلہ نہیں کیا جا سکتا ہے۔

[illegible]

ایک ضروری اطلاع

[illegible]

خط یا تار کے واسطے پتہ: امرت دھارا [illegible] لاہور

[illegible] امرت دھارا [illegible]

لانبے لانبے گھنگریالے بال تے وچ سونے دی تار

امرت دھارا بام

امرت دھارا ملنے سے تمام دردوں کو آرام پہنچاتی ہے۔ اس کو دوسرے دافع درد تیلوں میں شامل کرکے امرت دھارا بام بنادیا ہے۔ جس سے ملنے میں سہولیت ہوگئی ہے۔ اور آزادی سے استعمال ہوسکتی ہے۔

قیمت فی شیشی صرف
ایک روپیہ (عہ)

امرت دھارا

آزمائش کا زمانہ گذر چکا کوئی سمجھدار انسان ایسا نہیں جو یہ نہ مانتا ہو کہ امرت دھارا کا ہر وقت ہر گھر بلکہ ہر جیب میں رہنا ضروری ہے ایک شیشی بذاتہٖ خود ایک چھوٹا سا ہسپتال ہے تمام زہرہا اندرونی و بیرونی تمام زہروں کے اثرات اور ہیضہ انفلوئنزا جیسی ہر قسم کی امراض تقریباً تمام جسمانی امراض پر معجزہ نما اثر رکھتی ہے جس نے ایکبار آزمایا ہمیشہ کیواسطے یار بنایا اور بہت سی تکلیف و تشویش سے اپنے آپ کو بچایا۔ باقی جھوٹوں اکسیروں میں امرت دھارا شامل ہے۔ اور سب امرت دھارا لاہور سے مل سکتی ہیں!

قیمت فی شیشی دو روپے آٹھ آنے (عہ/۸)
نصف شیشی ایک روپیہ چار آنے (عہ/۴)
نمونہ آٹھ آنے (۸/)

امرت دھارا مرہم

[illegible] امرت دھارا [illegible] ہر قسم کے زخم [illegible] استعمال [illegible] آپ [illegible] ضرورت [illegible]

قیمت فی ڈبیہ ایک روپیہ

امرت دھارا انجیر تیل

جو بھی خوشبودار انسانوں کے واسطے نہایت صحت بخش دافع جو ہر ہوتی ہے جو سر اور جو سر لگانے والے بھی تھوڑا سا کے واسطے بدبو ہوتی ہے۔ امرت دھارا کے ساتھ اور خوشبودار خاص تیل ملا کر ایک امرت دھارا انجیر تیل بنایا گیا ہے۔ جسم کے جنگی ہوں پر تھوڑا سا اس تیل کو لگا کر سونے سے آپ خوشبو کا لطف لیں گے بلکہ مچھر دور رہیں گے۔ ڈنگ نہ ماریں گے

قیمت فی شیشی
آٹھ آنے ۸/

امرت دھارا الو نجر

بازاری مٹھائی بچوں کو نقصان دہ ہے۔ امرت دھارا [illegible] مٹھائی کی طرح کھاتے ہیں۔ اور امرت دھارا کا فائدہ اٹھاتے ہیں۔ [illegible] امرت دھارا کا فائدہ حاصل کرتے ہیں۔ [illegible] گلے کی امراض کو نافع

قیمت صرف
فی ڈبیہ
[illegible]

امرت دھارا لوشن

لاکھوں روپیہ کے خزانے کرنے یا ناک میں چڑھانے والے لوشن دوسرے ممالک سے ہندوستان میں آتے ہیں۔ مغرب کے دلدادہ نہیں دیکھتے کہ ان کے اپنے گھر میں ان سے بہتر ایک چیز موجود ہے۔ ناک حلق کی امراض کو دور کرنے۔ زکام نزلہ کو ہٹانے کے واسطے بہترین لوشن ہے۔ اعلیٰ لوشنوں کی طرح اور سب کام بھی دے گا۔

قیمت فی شیشی
ایک روپیہ

امرت دھارا صابن

[illegible] امرت دھارا [illegible] جلدی امراض کو دور کرنے والے [illegible] انفکشن [illegible] جلدی امراض۔ جلد میں ملائمت [illegible] ایسے صابنوں کی [illegible] امرت دھارا شامل [illegible]

قیمت
[illegible] فی ٹکیہ [illegible]

کرن جوانی

اس کے کھانے سے ہی دل و دماغ معدہ۔ جگر۔ گردہ۔ مثانہ طحال۔ آنت اور باہ پر اچھا اثر ہونے لگتا ہے۔ خون صاف ہوکر رنگ خوبصورت و سرخ ہونے لگتا ہے۔ زکام۔ نزلہ۔ کھانسی دور ہوتی ہیں۔ بھوک بڑھتی ہے جریان۔ احتلام۔ رقت وغیرہ دور ہوکر باہ بڑھنے لگتی ہے۔ پیشاب کے کل نقائص دور ہوتے ہیں۔ بڑھاپے میں جوانی کی امنگیں اٹھنے لگتی ہیں جوانوں کو اصل جوانی حاصل ہوتی ہے۔ نئی جوانی حاصل کرنے یا جوانی کے قائم رکھنے کیلئے بے نظیر ثابت ہوئی ہے۔ جوانی میں بال سفید ہوں تو سیاہ ہوجاتے ہیں۔ قیمت ۲۴ گولی ایک روپیہ (عہ) ۱۰۰ گولی چار روپے (للعہ) خوراک ۲ گولی صبح ۲ گولی شام ہے۔

خط و کتابت و تار کے لئے پتہ:- امرت دھارا آئنس لاہور

منیجر امرت دھارا اوشدھالیہ امرت دھارا بھون۔ امرت دھارا روڈ۔ امرت دھارا پوسٹ آفس لاہور

پنڈت جی کی تیار کردہ بے خطا ادویات جن سے ہزاروں مرد و عورت فایدہ اُٹھا چکے ہیں

ہر ایک دوائی کا نمونہ بھی دیا جاتا ہے۔ جو چاہیں اوّل نمونہ منگوا کر یقین کر لیں !

اکسیر اعظم الف — یہ دوائی جریان کیواسطے اکسیر ہے خواہ کسی وجہ سے ہو۔ بیہودہ خرابی کو بھی نافع ہے۔ قیمت ۳۲ گولی دو روپے۔ نمونہ ۸/

اکسیر ب — یہ دوائی بدخوابی کے واسطے ہے۔ غیر شادی شدہ طالب علموں کی حفاظت کرتی ہے۔ قیمت ایک روپیہ (عہ) نمونہ ۴/

اکسیر محبوب خوش کن — تعریف نام سے ہی ظاہر ہے۔ تیسرے پہر ایک گولی کھالیں سب کمیاں دور ہونگی قیمت دو روپیہ نمونہ ۴/

طلاء ا — جس نے اپنے پاؤں آپ کلہاڑا مارا ہے۔ ان کے واسطے عام طلاء ہے قیمت پانچ روپے (صہ) نمونہ ایک روپیہ چار آنہ (عہ)

ابلارام (رجسٹرڈ) — کثرت حیض کی بیماری کسی قسم کی اور کسی وجہ سے ہو اس سے آرام آتا ہے کوئی بے قاعدگی نہیں رہتی۔ قیمت دو روپے۔ نمونہ ۴/

سوماوتی رجسٹرڈ — عورتوں کے سفید پانی جریان لیکوریا سیلان طوبت کی اکسیر دوائی قیمت عہ نمونہ ۴/

بال سنگھ رجسٹرڈ — بچوں کی امراض بدہضمی۔ قبض۔ دست۔ کھانسی۔ بخار وغیرہ کیواسطے بے نظیر دوائی ہے۔ قیمت ایک روپیہ۔ نمونہ ۴/

سارساپرلا مرکب — پرانا آتشک جب خون خراب کر دے۔ یہ دوائی خون صاف کر کے جسم کو کندن کرتی ہے۔ قیمت ... نمونہ ۸/

سوزوشاف رجسٹرڈ — سوزاک کی بے نظیر دوائی جلن۔ سوزش وغیرہ اول ہی دن سے موقوف چند دن میں بالکل آرام آتا ہے۔ قیمت ایک روپیہ۔ نمونہ ۴/

دوائی بواسیر ۲ — خونی و بادی ہر قسم کی بواسیر کے واسطے بے نظیر ہے۔ سالوں کی بیماری دنوں میں دور۔ قیمت دو روپے۔ نمونہ ۴/

دوائی تلی ۲ — تاپ تلی کیواسطے بے نظیر دوائی ہے۔ ہاضمہ تیز ہو جاتا ہے قیمت فی شیشی دو روپے (عہ) نمونہ چار آنے ۴/

آرام جان رجسٹرڈ — جن کو ہمیشہ دائمی رہتی ہے وہ ان کو کھایا کریں۔ ... بیماری دور ہو جائے گی۔ قیمت ۳۲ گولی ایک روپیہ۔ ۱۶ گولی ۸/

بلا دور — ... [illegible]

انگور روشن — آنکھوں کی عام امراض دھند۔ جالا۔ پانی۔ خارش۔ سرخی وغیرہ کیواسطے بے نظیر ہے۔ قیمت ۱۲/ نمونہ ۱/

کرن تیل — کان کی امراض۔ درد۔ پیپ۔ زخم۔ سائیں سائیں۔ کم سماعت کے واسطے بہت اعلیٰ تیل ہے۔ قیمت ایک روپیہ۔ نمونہ ۴/

دت نسوار رجسٹرڈ — نسوار لینے سے چھینک آتی ہے درد سر آدھا سیسی۔ دائمی درد۔ کان درد۔ نزلہ زکام وغیرہ دور ہوتے ہیں قیمت فی تولہ ایک روپیہ نمونہ ۴/

گیرس — داد کی لاثانی دوائی۔ نہ جلن نہ درد۔ اور چند دن میں بیماری دور۔ قیمت ایک روپیہ (عہ) نمونہ چار آنے ۴/

گولی کھانسی — منہ میں رکھ کر چوسنے رہنے سے کھانسی خشک ہو یا تر دور ہو جاتی ہے۔ قیمت ۶۰ گولی ایک روپیہ نمونہ ۴/

ملیریا ناش — یہ سستی دوائی اس واسطے تیار کی ہے کہ ملیریا کے دنوں میں غریب بھی فایدہ اُٹھاویں اور کونین کی ضرورت نہ رہے۔ امیر لوگ منگوا کر مفت بانٹیں قیمت ۲ تولہ ۸/

(اُبٹن) چٹ موہنی رجسٹرڈ — چہرے کے بدنما داغ کیل۔ چھائیاں وغیرہ دور ہو کر چہرہ صاف ہوتا ہے۔ جھریاں نہیں پڑتیں قیمت صرف ایک روپیہ نمونہ صرف چار آنے ۴/

دل پسندی رجسٹرڈ (حسن افزا) — ... [illegible] ... قیمت فی شیشی ... نمونہ ۴/

بال اُڑانے کی بے نظیر دوائی — اس دوائی کو پانی میں گھول کر لگانے سے ایک منٹ کے اندر ... بال صفائی کمال ... قیمت فی ڈبیہ ... نمونہ ۱/

منجن ۱ — دانتوں کی امراض ... درد ... کرتا ہے۔ قیمت ۴/ نمونہ ۱/

منجن ۲ — خاص کر دانتوں کی صفائی کے واسطے بنایا گیا ہے ... موتیوں کی طرح ... قیمت ۴/ نمونہ ۱/

باغ پھول تیل رجسٹرڈ — بالوں ... [illegible] ... قیمت فی شیشی ...

کونیری رجسٹرڈ — ... [illegible]

پران سنکھ رجسٹرڈ — ... [illegible]

خط و کتابت و تار کیلئے پتہ:- **امرت دہارا ۵ لاہور**

منیجر امرت دہارا اوشدہالیہ امرت دہارا بھون۔ امرت دہارا روڈ۔ امرت دہارا پوسٹ آفس لاہور

خط یا تار کیلئے پتہ:- امرت دہارا ۵ لاہور

طبی کتب

[illegible]

ویرج کے متعلق علمی و طبی تحقیقات

[illegible]

کیا ہم لڑکا یا لڑکی اپنی مرضی پر پیدا کر سکتے ہیں؟

[illegible]

رسالہ وضع حمل

[illegible]

علاج الاطفال

[illegible]

رسالہ نبض

[illegible]

رسالہ آتشک یا تصویر آتشک

[illegible]

رسالہ سوزاک

[illegible]

دستور بیان فی علم الاخلاط

[illegible]

اصطلاحات یونانی

[illegible]

اصطلاحات ویدک

[illegible]

فزیالوجی یا علم افعال الاعضا

[illegible]

شناخت نبض

[illegible]

ویدک کے مشہور مرکبات حصہ اول

[illegible]

گنج تجربات

[illegible]

علاج المفردات

[illegible]

لغات الادویہ

[illegible]

گوشوارہ تشخیص الامراض

[illegible]

ادویات باہ حصہ اول

[illegible]

ادویات باہ حصہ دوم

[illegible]

سسنشرت کا ترجمہ حصہ اول

[illegible]

سسنشرت کا ترجمہ حصہ دوم

[illegible]

علم و عمل حصہ اول

[illegible]

خط و کتابت کا پتہ: "امرت دھارا" لاہور

منیجر امرت دھارا دواخانہ امرت دھارا بھون، امرت دھارا روڈ، امرت دھارا پوسٹ آفس۔ لاہور

عجائب خانہ مغرب

فہرست ادویات انگریزی ولایت کے مشہور کارخانوں کی بنی ہوئی

اس فہرست میں چیدہ چیدہ اُن دواؤں کا ذکر ہے جن کی ہر گھرانہ میں ہر زمانہ ضرورت رہتی ہے اس کے علاوہ جس قسم کی دوا درکار ہو جوابی کارڈ بھیجکر اسکی قیمت دریافت فرما سکتے ہیں۔

قیمتیں حساب فی اونس درج ہیں مارکیٹ کے تغیر و تبدل کے باعث ان قیمتوں میں کمی بیشی ممکن ہے ایک دو پیسے کم کی فرمائش بذریعہ وی پی نہیں ہوگی اسلئے قیمت معہ [illegible] محصول ڈاک بذریعہ منی آرڈر آنی چاہیے دریافت [illegible] کا ٹکٹ یا جوابی کارڈ ضرور آنا چاہیے۔

نام دوا	فی اونس	نام دوا	فی اونس	نام دوا	فی اونس	نام دوا	فی اونس
ایسڈ بورک آنکھ دھونے کیلئے	۲ر	کریازوٹ	۶ر	کلورل ہائیڈریٹ (نیند)	۳ر	آئل یوکلپٹس برائے زکام	۸ر
ایسڈ کاربالک زخموں کیلئے	۳ر	الکحول برائے سپرٹ بنانے کیلئے	۵ر	پوٹاسیم برومائیڈ (نیند)	۳ر	آئل پیپرمنٹ (پودینہ)	۸ر
ایسڈ سیلی سلک مرہم ،،	۴ر	بورک آئنٹمنٹ	۴ر	سپرٹ امونیا ارومیٹک	۳ر	آئل صندل (سفید)	[illegible]
ایسڈ ٹینک [illegible] علاج	۵ر	زنک آئنٹمنٹ	۴ر	[illegible]	۲ر	آئل سنامکی (دار چینی)	۸ر
ایسڈ ٹارٹرک شربت بنانے کیلئے	۳ر	سوڈا بائی کارب	۱ر	ٹنکچر [illegible]	۳ر	آئل [illegible] (قرنفل)	۴ر
اینٹی فامیرین پسینہ آور	۳ر	پوٹاس پرمنگنیٹ کرم کش	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible] آئل (روغن بادام)	۵ر
آئی گول لوشن برائے آشوب چشم	۴ر	کلوریٹ پوٹاش	۳ر	[illegible] مفید [illegible]	۱۴ر	[illegible]	۴ر
بیرم سلفائیڈ بال اڑانے کیلئے	۱ر	لیتھیا سائٹراس [illegible]	۴ر	سلفونال نیند آور	[illegible]	[illegible]	۳ر
میلول	۴ر	گلیسرین خالص	۳ر	[illegible]	۴ر	[illegible]	۲ر
کریم آف ٹارٹار	۴ر	آیوڈین [illegible]	۴ر	[illegible]	۴ر	[illegible]	۸ر
گلیسرول لیکوڈ مفید سل دق	[illegible]	فیری امونیا سائٹراس	۳ر	ٹنکچر آیوڈین	۳ر	[illegible]	۳ر
آیوڈوفارم زخموں کیلئے	[illegible]	[illegible]	۳ر	[illegible]	۴ر	[illegible] پوٹاش	۲ر
اکسٹریکٹ ارگٹ لیکوڈ	۸ر	[illegible] لوشن	۵ر	ٹنکچر [illegible]	۳ر	[illegible] گلیسرین	۴ر
بالسم کوپیبا مفید سوزاک	۵ر	[illegible]	۴ر	[illegible]	۴ر	[illegible]	۴ر
کلوروڈین مفید [illegible] اسہال	۸ر	[illegible]	۴ر	[illegible]	۳ر	[illegible]	۳ر
کاڈ لور آئل فی شیشی	[illegible]	گلیسرین [illegible]	۱۲ر	[illegible]	۱۲ر	[illegible]	۱۲ر

نام دوا	فی شیشی
یاسمین مسالک کی گولیاں	[illegible]
فروٹ سالٹ کلاں	[illegible]
[illegible] خورد	[illegible]
[illegible] کی دوا	[illegible]
گولیاں	فی سیکڑہ
[illegible]	[illegible]



بیگمات کے لئے لاجواب تحفہ

روغن جہاں عالم

[illegible] ڈاکٹر غلام نبی صاحب زبدۃ الحکما [illegible]

ضعف مردانہ کا مکمل علاج

بجسم رفع نامردی

[illegible]

دواخانہ حکیم و ڈاکٹر حاجی غلام نبی زبدۃ الحکما شاہی محلہ لاہور

ہر وقت کا حاضر باش حکیم اور بلا فیس ڈاکٹر

قریباً دو سو امراض کثیر الوقوع کی سریع التاثیر ادویہ اور مجرب فوری علاجات

بکس حافظ صحت یعنی فیملی حکیم یا ڈاکٹر

معہ کتاب جیبی رہنمائے صحت

جو کئی مریضوں کی حفاظت جسم و جان کیواسطے بمنزلہ مضبوط و مستحکم قلعہ کے ہے

تفصیل امراض و ادویات بکس ہذا

مندرجہ ذیل بیماریوں کی اس میں دوائیں ہیں جو برسوں تک خراب نہیں ہونگی

(۱) روغن اعجازیہ جو زخموں کیلئے عمدہ علاج ہے۔ اور دافع طاعونی وبا ہے
(۲) بخار اتارنے کی دوا
(۳) نوبتی بخار کو روکنے کی گولیاں
(۴) کھانسی۔ نزلہ۔ بخار کی دوا
(۵) دمہ کی گولیاں
(۶) قبض کشا ٹکیاں
(۷) نمک سلیمانی۔ چورن ہاضمہ
(۸) درد سر۔ درد اعضاء عصبی درد کی دوا
(۹) نزلہ۔ زکام۔ مرگی۔ سکتہ اور شقیقہ کی نسوار
(۱۰) آشوب چشم کی دوا
(۱۱) خارش۔ داد۔ چھاجن اور چنبل کی دوا
(۱۲) تاپ تلی کی گولیاں
(۱۳) بواسیر کی گولیاں
(۱۴) گزیدہ سگ۔ سانپ۔ مارگزیدہ کا حکمی علاج
(۱۵) اکسیر پیٹ درد و سنگرہنی
(۱۶) آبحیات سینکڑوں مرضوں کا واحد علاج۔

اس بکس میں سے جو دوا ختم ہو جائے۔ وہ آٹھ آنہ بھیجکر اور شیشی منگوا سکتے ہیں

بکس حافظ صحت میں ۱۶ شیشیاں اسی ترتیب اور ترکیب سے محول ہیں ہر ایک شیشی پر اس کا نمبر خوشخط مطبوع ہے اور ترکیب استعمال مقدار خوراک و دیگر فوائد کا بیان بزبان اردو لگا ہوا ہے حسب موقعہ جس بیماری کا معالجہ کرانا چاہیں۔ با آسانی کر سکتے ہیں اس بکس میں ہرگز کوئی ایسی چیز نہیں ڈالی گئی۔ جو کسی مذہب اور قوم کے عقائد کے خلاف ہو۔ یہ بکس بال بچے والے گھروں میں نعمت غیر مترقبہ ثابت ہوا ہے خصوصاً وہ لوگ جو بڑے شہروں سے دور ہیں جہاں فوری علاج کے لئے کوئی لائق حکیم یا ڈاکٹر میسر نہیں ہوتا یا خالص ادویات ملنا مشکل ہے۔ یا جو صاحب ہمیشہ سفر میں رہتے ہیں ضرور یہ بکس اپنے پاس موجود رکھیں جب کسی وقت اپنے گھر میں یا اپنے کسی رشتہ دار یا کسی غریب ہمسایہ کی بیماری کی خبر ملے تو جو دوا آپ کو اس بکس میں ملے اس کو ترکیب مندرجہ لیبل کے مطابق استعمال کریں۔ خدا چاہے تو مرض سے مخلصی حاصل ہوگی۔ نہ عطار کے پاس جائیں نہ طبیب کا دکھ اٹھائیں۔

علاوہ ازیں خاص بکس **محافظ اطفال** اور **رفیق نسواں** بھی تیار کئے جاتے ہیں جس سے عام بیماریوں کا علاج معمولی لکھی پڑھی عورتیں خود کر سکیں۔

تفصیل محافظ اطفال والے بکس میں نمبر ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۹ و ۱۳ و ۱۴ و ۱۵ کی بجائے درد کان۔ کان بہنے کی دوا۔ اچھی اطفال۔ قبض اطفال۔ گلا بیٹھنا۔ بچوں کے دانت نکالنے کی دوا اور مرہم سیاہ ہونگی۔ بکس رفیق نسواں میں مدر حیض گولیاں۔ پاک دامن۔ مقوی اطفال۔ مرہم اکراماتی۔ دافع سیلان الرحم۔ مقوی دودھ کا مجرب۔ دائی جنائی۔ کثرت حیض۔ دودھ کم کرنے کا لیپ دوسرے نمبروں کی بجائے آسکتی ہیں۔ غرضیکہ یہ میڈیسن چیسٹ ہیں مرد عورت بچوں کے مکمل علاج کی دوائیں ایسی منتخب شدہ رکھی گئی ہیں کہ جن سے بڑھکر ڈاکٹری اور یونانی طب پیش نہیں کر سکی۔ قیمت فی بکس صرف پانچ روپے محصول ڈاک ۱۲ علاوہ۔

تعویذی عکسی حمائل شریف

ایک آنہ والے کارڈ ڈاک کے برابر ہے۔ جلد پر چاروں طرف طلائی کام ہے اور بہ قابل احترام تحفہ گلٹ کی نفیس منقوش ڈبیہ میں بند ہے جو کہ بیں خوردبین شیشہ بھی لگا ہوا ہے اس کے ذریعے بوقت ضرورت تلاوت کی جا سکتی ہے۔ یہ تعویذی قرآن شریف نہایت صحیح طبع ہوا ہے۔ آپ اسے بچوں کے گلے میں بطور تعویذ ڈالیں یا برائے برکت گھڑی کی زنجیر میں لٹکائیں یا جیب میں رکھیں اسلامی تحفہ دینے کے لئے اس سے بہتر کوئی چیز نہیں ہے۔

ہر مرد نامرد عورت کو یہ تعویذی قرآن شریف کی ایک جلد جو اپنی رنگت بلحاظ ساخت ایک جیبی قرآن ہے

هدیہ صرف دو روپے (عمعہ)

عینک یا اپریشن کی ضرورت نہیں!

کیونکہ ہمارے دیس میں اب بھی جڑی بوٹیاں پیدا ہوتی ہیں جو امراض چشم میں مسیحائی کے کرشمے دکھا سکتی ہیں

ایک بار منگا کر آزمائیں

کحل الجواہر یعنی سچے موتیوں والا سفید سرمہ

یہ سچے موتیوں کی قیمتی خاک ہے جس کا ایک نفیس ترکیب سے سرمہ تیار کیا جاتا ہے جالا اور دھند والوں کو ۳ حصہ سرمہ اور ایک حصہ کیلومل ملا کر سلائی کے ساتھ آنکھوں میں لگانا چاہیئے مگر سے یعنی گرم ہونے والوں کو پلکیں الٹا کر دی سے لگانا بہتر ہے۔ کمزوری بصارت جالا۔ دھند۔ آبروانی۔ پربال۔ ککرے دیگر امراض چشم کے لئے اس سے بہتر سرمہ آج تک ایجاد نہیں ہوا۔ قیمت فی تولہ تین روپے (سعہ)

دواخانہ حکیم و ڈاکٹر حاجی غلام نبی زبدۃ الحکما موچی دروازہ لاہور (پنجاب)

کو نحل مشتری کسی دوسرے منحوس ستارے کا اثر انسانی قسمت پر پڑنے دیگا۔ تو پھر کسی شخص کا بدقسمت رہنا ناممکن ہو جائیگا۔ چنانچہ اسی اصول کو عملی جامہ پہنانے کیلئے پنڈت صاحب موصوف نے چار گراں بہا شاستر اور ایک منتروں کا جاپ کر کے مختلف دھاتوں کے مجموعے سے ناقص گرہ توڑ انگشتری تیار کی ہے جو سونے جیسی دھاتوں میں کامیاب رہی ہے اور بڑے بڑے رئیس اور امیر اس کی تعریف میں رطب اللسان ہیں۔ دیکھنے میں یہ انگشتری نہایت چمکدار اور خوبصورت ہے۔ بلکہ اس کی کل شاعوں سے انھیں مجروح ہوتی ہیں جس وقت ناقص گرہ توڑ انگشتری کسی بدقسمت انسان کی انگلی میں پہنا دیا جاتا ہے۔ اس وقت سے کسی منحوس ستارے کا اثر بالعموم اور زحل اور مشتری کا اثر بالخصوص اس شخص کی زندگی پر نہیں بلکہ براہ راست اس طلسمی انگوٹھی پر پڑکر زمین میں جذب ہونے لگتا ہے اور **پہننے والا منحوس ستاروں کے بُرے اثرات سے** ہمیشہ کیلئے محفوظ ہو جاتا ہے۔ **آٹھ دھاتوں کی یہ قسمت پلٹ انگشتری** بچے بڈھے جوان عورت مرد غرضیکہ سب کیلئے یکساں مفید ہے۔ بچوں کے گلے میں پہنانے سے اُن کے دانت آسانی سے نکل آئیں گے۔ آسیب نظر جادو ٹونہ کا ان پر کوئی اثر نہ ہوگا۔ اور چیچک یا دیگر وبائی **بیماریوں سے وہ قطعاً محفوظ** رہیں گے عورت پہنے گی تو اس کے حسن اور عزت کو فروغ ہوگا۔ بیماری اور افسردگی دُم دبا کر بھاگ جائیں گی اور ہر ایک خواہش کی تکمیل آپ سے آپ ہونے لگیگی۔ مرد کیلئے اس طلسمی انگشتری کو پہننا گویا خوشحالی اور فارغ البالی کو دعوت دینا ہے۔ اس کے بُرے دن اس طرح غائب ہو جاتے ہیں جیسے **بادلوں کے ٹکڑے سورج کی کرنوں سے منتشر اور پریشان ہو جاتے ہیں** مفلسی اور بیماری کا نام و نشان نہیں رہیگا منحوس ستاروں کا اثر ٹل جانے پر بہتری کی صورت خود بخود پردۂ غیب سے ظاہر ہو جائیگی۔ اگر آپ ہتھیلی پر سرسوں جمانا یا علم سیارگان کے اس زندہ معجزہ کو اپنی آنکھوں سے دیکھنا چاہیں اگر آپ کی خواہش ہے کہ جتنی دیر آنکھ جھپکنے میں لگتی ہے اتنی ہی دیر میں آپ کی تقدیر پلٹا کھا جائے اور بُرے دن یکقلم دور ہو کر **آپ دنیا کے خوش نصیب انسانوں میں شمار ہونے لگیں** تو دیر نہ کیجئے اور اپنی سب سے پہلی فرصت میں آرڈر بھجوایئے کیونکہ اس مرتبہ ناقص گرہ توڑ انگشتریاں بہت تھوڑی تعداد میں تیار کی گئی ہیں اور منافع اتنا کم رکھا گیا ہے جیسے آٹے میں نمک۔ قیمت باوجود ان تمام خوبیوں کے صرف عمر فی انگشتری جو اس کی لاگت کے برابر ہے۔ کیونکہ ہر ایک انگشتری کی تیاری پر قریب قریب ایک پیسہ خرچ ہوتا ہے محصول ڈاک ایک سے تین تک ۸ آنہ۔ اشتہار کے برعکس ثابت ہونے پر اصل قیمت دام واپس کر دیں گے۔ واپسی کیلئے کوئی خاص شرط نہیں آپ کو صرف اتنا لکھنا ہوگا کہ **آپ کی ہدایت کے مطابق انگشتری کو پہنے ۱۲ دن ہو چکے مگر میں پرانا سا کٹھن جان کر کہتا ہوں کہ میری قسمت میں کوئی تبدیلی نہیں لہٰذا اپنی انگوٹھی لیکر میرے دام واپس کر دیجئیگا**۔ اشتہاری دنیا سے بدظن لوگوں کے اطمینان کیلئے اس سے زیادہ اور کیا بھی کیا جا سکتا ہے۔ اس کے باوجود بھی اگر کوئی شخص قسمت پلٹ انگشتری کی برکتوں سے محروم رہے تو اس کی قسمت

ناقص گرہ توڑ انگشتری کے فوائد (۱) آپ کے دو انگوٹھیاں گرہ توڑ منگوائی تھیں اُتنی ہی عمدہ تعریف سُنی تھی ویسی ہی ثابت ہوئیں۔ براہ ایک اور انگوٹھی میری بیوی کیلئے چھوٹے سائز کی بھجئیے (مہری شرن گوکل منڈی) (۲) میں نہایت خوشی سے آپ کو اس بات کی اطلاع دیتا ہوں کہ گرہ توڑ انگوٹھی پہننے کے تیرہ دن بعد مجھے ملازمت مل گئی۔ اس لئے چار اور انگوٹھیاں حسب ذیل پتہ پر الگ الگ بھجوا دیجئے گا (گوردوارن لال بیکا ملا فیض آباد) (۳) میں عرصہ ۱۲ سال سے نزلہ و دیگر دماغی امراض سے تنگ آگیا تھا کئی حکیموں ڈاکٹروں سے علاج کرایا لیکن بیکار۔ پچھلے سال آپ کی گرہ توڑ انگشتری کی آزمائش کی اور چند دن کے بعد محسوس کرکے میری حیرانی کی کوئی حد نہ رہی کہ بیماری خود بخود گھٹتی جا رہی ہے اور اب یہ خط بطور سرٹیفکیٹ آپ کو لکھ رہا ہوں۔ بالکل تندرست ہوں میرے پاس الفاظ نہیں کہ آپ کی اس نادر ایجاد کیلئے شکریہ ادا کروں (ویدشاستر پنڈت پورن آنند شرما راج ویدکو ہٹا ضلع شملہ) (۴) اُنہی دنوں میں جب بیماری اور بیکاری کی حالت تھی تب آپ سے گرہ توڑ انگشتری منگوائی تھی انگوٹھی پہننے سے یہ فائدہ ہوا کہ بیماری بھی جاتی رہی اور بیکاری بھی جاتی رہی اچانک مجھے ایک جگہ نوکری مل گئی تھی۔ جبتک انگوٹھی میری انگلی میں رہی مجھے مالی طور پر برابر فائدہ پہنچتا رہا اور نوکری بنی رہی مگر جب سے انگوٹھی ٹوٹ کر کہیں کھو گئی ہے میں پھر سے پریشان ہو گیا ہوں براہ مہربانی دوسری بذریعہ وی۔ پی ارسال فرمایئے (لالہ پیشا و سری ہرا سنگھ بھوسی الہ آباد) (۵) میں آپ کی ناقص گرہ توڑ انگشتری کا اثر دیکھ چکا ہوں۔ بس یہ سمجھ لیجئے کہ اس وقت اسی کی بدولت محکمہ پولیس میں نوکر ہوں۔ جتنی جلدی ہو سکے ایک انگشتری اور میرے پتہ سے بذریعہ وی۔ پی ارسال فرمایئے (جانکی پرشاد کانشیبل [illegible]) وغیرہ وغیرہ۔ مفصل خطوط دفتر میں آکر دیکھئے۔

مضمون اشتہار و ڈیزائن رجسٹرڈ شدہ

یونیورسل ٹریڈنگ کمپنی
پوسٹ بکس نمبر ۱۵۰ لاہور

قیمت صرف ۱۲ مع محصول ڈاک ۸ آنہ

آپ کے ہاتھ کی لکیریں

[illegible]

معشوق عاشق ہو جائیگا

پھر نہ کہنا ہمیں خبر نہ ہوئی

کامروپ کا جادو و افسوں تسخیر حسن باتصویر مکمل چار حصوں میں جادو کے فوراً اثر دکھانیوالے جنتر منتر یتر خفیہ عملیات اس کتاب میں درج کئے گئے ہیں ایسے جن کی سدھی کے لئے کوئی محنت کوئی جپ یا چلہ کشی نہیں کرنا پڑتے۔ آپ آنکھ جھپکتے کے ساتھ ہی لوگوں کو اپنا گرویدہ بنا کر سینکڑوں روپیہ ماہوار کی آمدنی پیدا کر سکتے ہیں اس نادر کتاب کی موجودگی میں اگر آپ عملیات کی بازاری کتابوں سے بیزار ہیں تو آپ کے نصیب ...... کامروپ میں کی عورتیں پردیسیوں کو جادو کے ذریعہ کتا بلی یا بکرا بنا کر اپنے پاس رکھ لیتی ہیں ... مصنف کتاب ... اصل حال دریافت کرنے کیلئے ... میں گیا۔ اور وہاں دس سال رہ کر ... جو کچھ دیکھا اور جو کچھ سیکھا۔ وہ سب اس کتاب میں ... مختصر فہرست مضامین ملاحظہ ہو۔ پہلا حصہ ... فوراً اثر دکھانیوالے ... نادر چٹکلے محبت کا پان۔ محبت کی سپاری۔ محبت کی الائچی۔ محبت کا پھول اور محبت کا عطر وغیرہ تیار کرنے کی ... پھر دنیا کی کوئی طاقت اسے آپ سے علیحدہ نہ کر سکے گی۔ اسکے علاوہ حصول روزگار۔ دولت۔ اولاد۔ بلندی مراتب ... مقدمات میں فتح۔ قید سے چھٹکارا نیز عوام میں ہر دلعزیزی حاصل کرنے کیلئے [illegible]

[illegible]

محبت کے مارے ہوئے

[illegible]



رسالہ مست قلندر لاہور

اُردو رسالوں کا بادشاہ ...

اس لئے کہ ① اُردو کا سب سے سستا سب سے زیادہ دلچسپ مقبول عام اور ہر دلعزیز باہوار مصور رسالہ ہے اس لئے کہ ② اس میں ہر مہینے دنیا بھر کے سینکڑوں دلچسپ گلدار اور کار آمد اخباروں و رسالوں کے چیدہ چیدہ مضامین کا انتخاب شایع کیا جاتا ہے۔ اس لئے کہ ③ اس میں ہر مذاق اور ہر عمر کے آدمیوں کے دل بہلاؤ تفریح ہنسی مذاق اور دل لگی کیلئے گوناگوں دلچسپیوں کا سامان فراہم کیا جاتا ہے۔ اس لئے کہ ④ اس میں سبق آموز فنیہ کارٹون چھوٹے چھوٹے رنگدار افسانے اور تڑپا دینے والی محبت آفرین نظمیں فن مصوری و آرٹ کی اچھوتی تصویروں کے ساتھ شایع کی جاتی ہیں۔ اس لئے کہ ⑤ یہ بغیر سرمایہ کے روپیہ پیدا کرنے کے بیسیوں آسان ترین اور سہل الحصول ہنر اپنے ناظرین کو سکھاتا رہتا ہے۔ اس لئے کہ ⑥ اس میں معلومات طب جدید، جڑی بوٹی کی واقفیت، جدید سائنس، سینما، شاعری، مسمریزم، دست شناسی، جوتش، غیب دانی اور روحانی دنیا سے متعلق پوری پوری واقفیت بہم پہنچائی جاتی ہے۔ یقین نہ ہو تو نمونہ کی ایک کاپی منگوا کر دیکھ لیجئے۔ بلحاظ اشاعت ہندوستان کا کوئی اُردو رسالہ مست قلندر کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ کم از کم ۴۰ ہزار آدمی اسکو ہر مہینے پڑھتے ہیں اس لئے مشتہرین کیلئے اشتہار دینے کا واحد ذریعہ ہے۔ مست قلندر کا سالانہ چندہ صرف عہ/۵ ہے لیکن ۲۰ عدد چوٹی کے دلگداز ناول اور حسب ذیل ترکیبیں رسالہ کے ساتھ ہی مفت حاصل کرنے کیلئے ۱۲/۵ منی آرڈر سے بھیجئے

بذریعہ منی آرڈر روپیہ بھیجنے پر مست قلندر کے خریداروں کو حسب ذیل ترکیبیں ۲۰ عدد ناول بطور تحفہ مفت بھیجے جاتے ہیں

① حسب مرضی اولاد پیدا کرنے کی واحد علی شاہی ترکیب ② بلا دوا بال سیاہ کرنے کا قدرتی طریقہ ③ گائے یا بھینس کا مکھن بلا چارہ کیسے بڑھ سکتا ہے! اس کی ترکیب ④ بند اور مُہر شدہ لفافے پڑھنے کا حیرت انگیز شعبدہ جس کا تجربہ دکھا کر آپ بڑے بڑے لوگوں کو محوِ حیرت بنا دیں گے ⑤ آنکھوں کی کسرتیں۔ ایک امریکن ڈاکٹر کی انوکھی دریافت یعنی ناکارہ اور بگڑی ہوئی آنکھوں کو درست کر کے بصارت تیز کرنے کی ترکیب ⑥ تین منٹ میں تسخیر محبوب ایک سن رسیدہ بزرگ کا بتلایا ہوا عمل جو کبھی خطا نہیں ہوا۔ ہر عمر کا آدمی اس کا عامل بن سکتا ہے قبرستان یا خوفناک جگہ میں جانے کی ضرورت نہیں بالکل آسان اور سہل الحصول ⑦ منتر چاول تسخیر محبت کا چلتا ہوا ٹوٹکہ۔ چاول کا ایک دانہ تسخیر محبوب کے لئے بجلی ثابت ہوگا تو دوسرا طرفین میں جدائی کے کام آئیگا۔ اگر آپ تسخیر محبوب کا یا افسر کے دلکشی کی ہمت نہیں رکھتے۔ تو اس عجیب و غریب منتر کی بدولت بغیر کسی محنت کے دل کی مراد حاصل کریں ⑧ ۵ منٹ میں ہر اوکسی ... تقدیر سے یہ ترکیب ہمیں حاصل ہوئی ہے جس کی بدولت ہر شخص گھر بیٹھے صرف ۵ منٹ محنت کر کے پہلے ہی روز ... میں دیکھ سکتا ہے ⑨ غیب دانی کا مظاہرہ یعنی ہر شخص کے دل کی بات بتلانے کا چارٹ۔ اس چارٹ کی مدد سے آپ یہ جان سکتے ہیں کہ فلاں شخص نے آج صبح کتنی روٹیاں کھائی ہیں اس کی جیب میں کتنے روپے ہیں یا اس کی عمر کیا ہے؟ ⑩ پُراسرار امریکن فالنامہ۔ اس کی بدولت اپنی اور ہر شخص کی قسمت کا حال کھلی ہوئی کتاب کی صورت میں دیکھ لیا کریں گے وغیرہ ۔ **نوٹ**۔ صرف دو روپے بارہ آنہ ۱۲/۲ بذریعہ منی آرڈر بھیج دینے سے رسالہ مست قلندر سال بھر تک مفت آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا رہیگا صرف اتنا ہی نہیں بلکہ مندرجہ بالا تمام قیمتی اشیاء بذریعہ رجسٹری پارسل آپ مفت حاصل کریں گے ۔

۲۰ عدد بہترین دلچسپ تحفہ ناولوں کی فہرست ① قیمتی گناہ ② کنجوس ③ چچا جان ④ معیار عشق ⑤ دیار محبوب ⑥ بیوی کی محبت ⑦ مجنوں کا بادشاہ ⑧ پُراسرار کلمہ ⑨ ایک ہوشیار خاتون کے کارنامے ⑩ زہر میں عشق کی چوری ⑪ دو چہرہ والا آدمی ⑫ بیگم صاحبہ کے ہیرے کی چوری ⑬ شیلی کا پتلا ⑭ موت یا عمر قید ⑮ مر کر زندہ ہونے والا پروفیسر ⑯ حسینہ کی سرگذشت ⑰ کلرک ⑱ پُراسرار انگوٹھی ⑲ بدگمانی ⑳ پادری کا بھوت وغیرہ ۔

منیجر رسالہ مست قلندر لاہور

نوٹ آج ہی اپنے شہر کے اخباری ایجنٹ سے دیکھئے یا براہ راست ۳ کے ٹکٹ بھیج کر منگوا لیجئے

پیار کی مار

۲۳۵۶۰

[illegible] جادو



بہترین لکھائی چھپائی ولایتی کاغذ۔ بیشمار تصویریں۔ خوبصورت سنہری جلد۔ اشتہار کے مطابق نہ ہونے پر پوری قیمت واپس۔ اردو میں فن جادو پر اس سے بہتر کتاب پیش کرنے والے کو ایک ہزار روپیہ انعام

[illegible]

اسکے سامنے دنیا جہان کے تمام جادو کچھ حقیقت نہیں رکھتے۔ وہ صد صفحہ کی ضخیم کتاب میں سب کچھ بتلا دیا گیا ہے۔ کوئی راز پوشیدہ نہیں رکھا گیا۔ جادو کا بڑے سے بڑا کھیل اس میں ایسی آسان ترکیب سے لکھا گیا ہے کہ ایک بچہ بھی پڑھ کر چند منٹوں میں کھیل کرنے کے قابل ہو جاتا اور بڑے بڑے استادوں کو محو حیرت بنا سکتا ہے۔ مختصر فہرست مضامین ملاحظہ ہو

(۱) منہ سے آگ نکالنا اور جلتے ہوئے سرخ لوہے کے اوپر چلنا (۲) حاضرین کو اپنی ناک کاٹ کر دکھا دینا اور پھر جوڑ دینا (۳) ہوا سے پیسہ پیدا کرنا (۴) حاضرات یعنی جنوں بھوتوں کا آنا فانا پیدا کر دینا۔ (۵) انگوٹھی کو غائب کر کے کسی شخص کی جیب سے برآمد کر دینا (۶) دو تالی سلیٹوں کے درمیان پنسل رکھ کر بند کر دینا۔ کسی شخص کے سوچے ہوئے سوال کا جواب خود بخود ایک سلیٹ پر لکھا ہوا [illegible] (۷) دور [illegible] ہوئی موم بتیوں کو ہاتھ کے اشارے سے گل کر کے پھر جلا دینا (۸) میز کے اوپر [illegible] (۹) بے جان انڈا ہاتھ کے اشارے سے ناچنے لگے گا (۱۰) مرغی کے بچے کا سر کاٹنے پر بھی زندہ رہیگا (۱۱) رومال یا کسی چیز کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے صحیح سالم بنانا (۱۲) آدمی کا سر کاٹ کر جسم سے ایک گز کے فاصلہ پر رکھ دینا اور پھر زندہ کر دینا (۱۳) کسی شخص کو [illegible] (۱۴) [illegible]

[illegible]

[illegible] کتاب بالکل نئی چھپی ہے اور بہت مانگ [illegible] زیادہ بہتر ہے کہ [illegible] ایڈیشن اسی ماہ میں ختم ہو جائیگا

[illegible] سیر دودھ روزانہ ہضم کرو

نہ کوئی دوائی کھاؤ نہ کسی قسم کی ورزش کرو

کئی دائم المریض اور دبلے پتلے آدمی موٹے اور جسیم ہونے کی خواہش میں ادھر اُدھر مارے مارے پھرتے ہیں ان کو واجب ہے کہ مشتہرین کی چکنی چپڑی باتوں میں پھنس کر اشتہاری دواؤں پر روپیہ ضائع کرنے سے پہلے ایک بار دودھ کے علاج کو آزما دیکھیں۔ **دودھ یا آبحیات** اس فن پر ایک بہترین تصنیف ہے جو ایک صد کے قریب انگریزی کتب کی مدد سے لکھی گئی ہے جس کے مطالعہ سے معلوم ہوگا کہ مسٹر فیلڈ نیویارک نے کس ترکیب سے ۱۲ سیر دودھ روزانہ پی کر تین ماہ میں اپنے جسم کا وزن ۳۴ سیر بڑھا لیا تھا۔ مختصر فہرست مضامین ملاحظہ ہو

(۱) دودھ سے علاج (۲) دودھ دنیا میں طاقت بڑھانے کی بہترین غذا ہے (۳) دودھ اور سو سال تک جوان بنے رہنے کا راز (۴) دودھ کا صحیح طریق استعمال جس طرح ہم دودھ پیتے ہیں وہ سراسر غلط اور نقصان دہ ہے (۵) دودھ اور لیموں کا رس (۶) دودھ اور فاقہ کشی (۷) دودھ کے بہترین علاج میکفیڈن کی رائے (۸) دودھ سے بیماریوں کا ازالہ (۹) امریکہ میں دودھ کے علاج کے شفا خانے اور وہاں کا انوکھا طریق علاج (۱۰) مایوس علاج اور زندہ درگور مریضوں کی دودھ کے علاج سے شفا یابی (۱۱) دودھ کے علاج سے دائمی قبض کی شکایت رفع ہو سکتی ہے [illegible]

[illegible]



روٹی آپ کے پیچھے پھر رہی ہے

اور آپ پھر کیوں روٹی کے فکر میں سرگرداں ہیں؟ بیکار رونے دھونے سے کچھ نہ ہوگا۔ ہماری نادر روزگار کتاب "روٹی کماؤ" کے کسی ہنر کو ذریعہ روزگار بنا کر جی بھر کر روٹی کماؤ اور دنیا میں عزت و مسرت کی زندگی کا پورا پورا لطف حاصل کرو۔ کیونکہ یہ کتاب دنیا کے بے روزگاروں، مفلس، محتاجوں اور تباہ حال لوگوں کو دولت مند اور خوشحال بنانے میں اپنا جواب آپ ہی ہے۔ اور نہ صرف عالمگیر مقبولیت کی بہت زیادہ مانگ کے باعث نہایت قلیل عرصہ میں اس کے چار ایڈیشن چھپ کر ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو چکے ہیں اور اب جدید اضافہ کے ساتھ پانچویں بار شائع ہوئی ہے۔


ہائے بے روزگاری

ہتھیلی پر سرسوں

الفا لکو

یہ بجلی کا طلسمی نما عرق فرانس کے ایک ڈاکٹر کی ایجاد ہے جس کی دو بوند ملائی یا شہد میں ملا کر کھانے سے آدھ گھنٹہ میں وہ طاقت پیدا ہوتی ہے کہ ضبط مشکل ہو جاتا ہے آدمی کیسا ہی نامرد کمزور اور بڈھا کیوں نہ ہو فوراً مرد بن جاتا ہے [illegible]

[illegible]



دنیا کا مشہور فن تسخیر و حب کے متلاشیوں کیلئے ایک بالکل نئی چیز

تنتر شاستر باتصویر

تنتر و دیا پر سب سے بہتر یا ایسی جامع کتاب شائع نہیں ہوئی [illegible] انعام

مضمون نگار وید [illegible]

تیاگی سادھوؤں تارک الدنیا فقیروں اور جٹادھاری سنیاسیوں کی تحقیقات اور تجربوں کا نچوڑ گاگر میں ساگر یا دریا کو کوزہ کا بہترین نمونہ

آجکل کچھ بیکار لوگوں نے بے معنی منتروں اور حب کے تعویذوں کی آڑ میں چکنے چپڑے اشتہاروں سے غریب پبلک کو بری طرح لوٹنا شروع کر دیا ہے [illegible] اس وقت [illegible] سال کی بات ہے [illegible] تنتر شاستر [illegible]

[illegible]

فہرست مضامین [illegible]

[illegible]

دولت آپکو تلاش کر رہی ہے

اگر آپ غریب اور بیکار ہیں تو یہ آپ کا قصہ ہے

کیونکہ اگر آپ روپیہ پیدا کرنے کے صحیح اصول معلوم کر لیتے تو دولت آپکے گھر کی لونڈی اور روپیہ آپ کا ادنیٰ غلام ہوتا۔ موجودہ پریشانی کی نسبت آپکی معاش بہتر ہوتی۔ اپنے سوائے اسکول کی تعلیم کے اور کچھ جانتے [illegible] ملک کی بیکاری کو دیکھ کر [illegible]

دولتمند بنو بغیر سرمایہ تجارت

[illegible] یہ کتاب بغیر سرمایہ کے لاکھوں روپیہ پیدا کرنا سکھاتی ہے [illegible]

[illegible] ① [illegible] ② [illegible] ③ [illegible] ④ [illegible] ⑤ [illegible] ⑥ [illegible] ⑦ [illegible] ⑧ [illegible] ⑨ [illegible] ⑩ [illegible] ⑪ [illegible] NOVELTIES (عجیب و غریب اشیاء) [illegible] ⑫ [illegible] ⑬ [illegible] ⑭ [illegible] ⑮ [illegible] ⑯ [illegible]

روپیہ کمانے کی مشین

[illegible] صابون سازی [illegible]

کروڑپتی

[illegible]

جوانی [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] رسالہ [illegible] پوسٹ بکس ۱۳۲ لاہور



زندہ جادوگری کے کرشمے

یہ ہی وہ کتاب ہے جس کی دنیا والوں کو تلاش تھی۔ اور جس کا ایک ایک راز لاکھ لاکھ روپیہ کو بھی سستا ہے کیونکہ اس میں ہندوستان قدیم کے رشی منی جوگی ستی یوگی اور سنیاسیوں کے فوراً اثر کرنیوالے جادو و اثر ٹوٹکوں کا انکشاف کیا گیا ہے۔ ساری کتاب میں منتر جنتر اور سدھ جیسوں کا جھگڑا آپ کو کہیں نہیں ملیگا۔ صرف ایسے ہی ٹوٹکے ہیں جن کو وہ لوگ جان سے زیادہ عزیز رکھتے تھے۔ کتاب ہذا کی مقبولیت کا یہ حال ہے کہ پانچواں ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہی ہے۔ مختصر فہرست مضامین ملاحظہ ہو۔ ۱۔ بستر مرگ پر پیٹے ہوئے بیمار کو صرف سانس کی تبدیلی سے راضی کر لینا۔ اسکی ترکیب ۲۔ اپنی یا دوسرے شخص کی موت کا حال قبل از وقت جان لینا (ٹوٹکہ) ۴۔ اعجاز محبت یعنی حسینوں کو اپنی محبت میں مبتلا کرنے کی نہایت آسان آسان ترکیبیں ۵۔ بغیر دوائی کے قدرتی امساک حاصل کرکے سوسال تک جوان اور تندرست رہنے کا راز (ترکیب) ۶۔ بیوی کو اپنی محبت میں اسیر کرکے اسقدر متوالا بنا دینا کہ [illegible] ہر طرف تاریکی دکھائی دینے لگیگی (ترکیب) ۷۔ حسب مرضی ہر شکل کا اور جب چاہو خوبصورت اور تندرست لڑکا پیدا کرنا (ٹوٹکہ) ۸۔ ہر کام میں کامیابی حاصل کرنیکا راز ۹۔ حاکم کے روبرو جانے سے پہلے ایک ایسا طریقہ اختیار کرنا کہ مقدمہ میں جیت حاصل ہو ۱۰۔ دشمنوں پر ہمیشہ فتحیاب رہنے کا راز (ٹوٹکہ) ۱۱۔ آنیوالی بیماری یا مصیبت کا قبل از وقت پتہ لگا کر اس کے حملے سے اپنے آپ کو محفوظ کر لینا (ترکیب) ۱۲۔ ایک ایسا ٹوٹکہ جس کی بدولت ہر محفل میں عزت نصیب ہو مرتبہ بلند ہو۔ ۱۳۔ گھوڑ دوڑ یا لاٹری یا معمے اور انعامی مقابلہ میں پہلا انعام حاصل کرنے کا راز (ترکیب) ۱۴۔ سانس کی آمد و رفت میں تبدیلی کرکے کسی شخص کے بیتے ہوئے اور آئندہ ہونیوالے واقعات کو قبل از وقت جان لینا۔ قدیم ہندو یوگی کس طرح سے پیشگوئی کیا کرتے تھے۔ سائل کے سوالوں کے صحیح جواب دینے کے مختلف طریقے جنکو ذریعہ روزگار بنا کر معقول آمدنی پیدا کی جاسکتی ہے ۱۵۔ بانجھ عورت کس طرح اولاد پیدا کرنے کے قابل ہو سکتی ہے اس کی ترکیب ۱۶۔ لمبی عمر حاصل کرنے کی حیرت انگیز ترکیبیں وغیرہ وغیرہ جملہ ترکیبیں اور ٹوٹکے اتنے آسان اور عام فہم ہیں کہ صرف مطالعہ سے ہی ان سے پورا فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے رازداری کا اقرار آنے پر مکمل کورس فی قسم [illegible]

